
خطبات
امام حسین علیہ السلام
تالیف
محمد صادق نجمی
ترجمہ
علی مرتضیٰ زیدی

یہ کتاب برقی شکل میں نشرہوئی ہے اور شبکہ الامامین الحسنین (علیہما السلام) کے گروہ علمی کی نگرانی میں اس کی فنی طورپر تصحیح اور تنظیم ہوئی ہے

علمائے دین اور عمائدین ملت سے حسین ابن علی کا خطاب

(امام حسین کا معروف خطبہ منیٰ اور اس کی تشریح وتوضیح)

تالیف

محمد صادق نجمی

ترجمہ

علی مرتضیٰ زیدی

بِسْمِ ا للهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عرض ناشر

شریعت کی بالا دستی ، دین کو تحریف (deviation) اور بدعتوں سے محفوظ رکھنا، اسلامی معاشرے میں احکام الٰہی کی ترویج و نفاذ اور معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام، ائمہ معصومین کی جد و جہد میں سر فہرست مقام پر رہے ہیں۔ تاریخ ائمہ پر نظر رکھنے والا، اور ائمہ کے اقوال و فرامین کا مطالعہ کرنے والا ہر فرد اس حقیقت سے آشنا ہے۔

امام حسین کا معروف خطبہ ءِ منیٰ، آنجناب کی زبانی ائمہ کے انہیں مقاصد کا اظہار ہے جنہیں ہم نے مندرجہ بالا سطور میں بیان کیا ہے۔

اس خطاب میں امام کے براہ راست مخاطب اور سامعین وہ چیدہ چیدہ اصحاب رسول، تابعین اور امت کے سرکردہ افراد تھے جن کا تعلق اس وقت کی مملکت اسلامی کے مختلف گوشوں سے تھا اور جنہیں آپ نے اس اجتماع میں خصوصی طور پر مدعو کیا تھا۔

امام نے شرکائے اجتماع کو اسلامی سیاست میں در آنے والے بگاڑ، اس کے نتیجے میں دین میں پیدا ہونے والی بدعتوں، شریعت کی بے توقیری اور مسلمانوں پر ہونے والے ظلم و ستم کی جانب متوجہ کیا، اور اس سلسلے میں انہیں ان کی غفلت و کوتاہی سے آگاہ کیا اور انہیں ان کا فریضہ یاد دلایا۔

یوں توامام کے اس خطاب کو چودہ سو سال گزر چکے ہیں، لیکن اس کا مطالعہ کرتے

ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ امام ۵۸ھ میں میدان منیٰ میں کھڑے ہوئے آج کے مسلمانوں سے مخاطب ہیں،آپ کی نگاہوں کے سامنے آج کے اسلامی معاشروں کے سیاسی اور سماجی حالات ہیں اور آپ آج ہی کی زبان میں ، آج ہی کی اصطلاحات کے ذریعے انہیں اسلامی معاشروں کی ابتر صورتحال اور اسلام و مسلمین کی موجودہ پستی و انحطاط کے اسباب و وجوہات سے آگاہ کر رہے ہیں، اس سے نجات کی راہیں سجھا رہے ہیں اور انہیں ان کے فریضے کی ادائیگی پر ابھار رہے ہیں۔ اس خطاب کی اشاعت کے محرکات میں سے

ایک محرک ہمارا یہی احساس ہے امید ہے اسے پڑھنے والے بھی یہی محسوس کریں گے اور دین کی سربلندی اور امت کو زبوں حالی اور پستی سے نکالنے کے لئے امام کے فرمودات کی روشنی میں اپنے کردار کی ادائیگی کا عزم لے کر اٹھیں گے۔

آپ کے ہاتھوں میں موجود کتاب، اس خطاب کی اسناد، اس کے پس منظر، اس کے ترجمے، اس کے اہم الفاظ کی تشریح اور اس میں پیش نظر رکھے جانے والے نمایاں نکات کی وضاحت پر مشتمل ہے، جسے ایران کے ممتاز عالم دین جناب محمد صادق نجمی نے تالیف کیا ہے۔

ہم جناب حجت الاسلام سید علی مرتضی زیدی کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اپنے قیمتی وقت میں سے اس کتاب کے ترجمے کے لئے وقت نکالا۔ کتاب کے آخری صفحات کی بیشتر گفتگو ایرانی انقلاب اور وہاں کے داخلی حالات کی مناسبت سے تھی لہذا فاضل مترجم نے ان صفحات کی تلخیص کرتے ہوئے امام کے خطبے کے آفاقی پیغام کو اجاگر کیا ہے، اس سلسلے میں بھی ہم ان کے مشکور ہیں۔ ان مومن بھائی کا شکریہ ادا کرنا بھی ہم اپنے اوپر لازم سمجھتے ہیں جنہوں نے اس کتاب کی طباعت کے سلسلے میں ہم سے تعاون کیا اور دعا گو ہیں کہ بارالہا انہیں دنیا و آخرت میں سرخرو فرمائے۔ آخر میں قارئین سے درخواست ہے کہ وہ کتاب کے مطالعے کے بعد اپنی بے لاگ آراء اور تبصروں سے گریز نہ فرمائیں۔

سر زمین منیٰ میں امام حسین علیہ السلام کا خطاب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ عَلِیَّ ابْنَ اَبِی طَالِبٍ کَانَ اَخَا رَسُوْلِ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - حِیْنَ اَخیٰ بَیْنَ اَصْحَابِہِ فَاَخیٰ بَیْنَہُ وَ بَیْنَ نَفْسِہِ وَ قَالَ : اَنْتَ أَخی وَ اَنَا اَخُوْکَ فی الدُّنْیا وَ الْآخِرَۃِ قَالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ قَالَ :

اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ ھَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - اِشْتَریٰ مَوْضِعَ مَسْجِدِہِ وَ مَنٰازِلِہِ فَابْتَنٰاہُ ثُمَّ ابْتَنیٰ فِیہِ عَشَرَۃَ مَنٰازِلَ تِسْعَۃً لَہُ وَ جَعَلَ عٰاشِرَھٰا فِی وَسَطِھٰا لاَبِی ثُمَّ سَدَّ کُلَّ بٰابٍ شٰارِعٍ اِلَی الْمَسْجِدِ غَیْرَ بٰابِہِ فَتَکَلَّمَ فی ذٰلِکَ مَنْ تَکَلَّمَ فَقٰالَ : مٰا اَنٰا سَدَدْتُ اَبْوٰابَکُمْ وَ فَتَحْتُ بٰابَہُ وَ لَکِنَّ اللّٰہَ اَمَرَنی بِسَدِّ اَبْوابِکُمْ وَ فَتْحِ بٰابِہِ ثُمَّ نَھَی النّٰاسَ اَنْ یَنٰامُوْا فی الْمَسْجِدِ غَیْرَہُ، وَ کٰانَ یُجْنِبُ فی الْمَسْجِدِ وَ مَنْزِلُہُ فی مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ-صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - فَوُلِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - وَ لَہُ

فیہِ اَوْلاٰدٌ ؟ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اَ فَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطّٰابِ حَرِصَ عَلیٰ کُوَّۃٍ قَدْرَ عَیْنِہِ یَدَعُھٰا فی مَنزِلِہِ اِلیٰ الْمَسْجِدِ فَاَبیٰ عَلَیْہِ ثُمَّ خَطَبَ فَقٰالَ : اِنَّ اللّٰہَ اَمَرَنِی اَنْ اَبْنِیَ مَسْجِداً طٰاھِراً لاَ یُسْکِنُہُ غَیْرِی وَ غَیْرُ اَخِیْ وَ بَنِیْہِ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - نَصَبَہُ یَوْمَ غَدیرِ خُمٍّ فَنٰادیٰ لَہُ بِالْوِلاٰیَۃِ وَ قٰالَ : لِیُبَلِّغِ الشّٰاھِدُ الْغٰایِبَ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - قٰالَ لَہُ فی غَزْوَۃِ تَبُوْکَ اَنْتَ مِنّی بِمَنْزِلَۃِ ھٰارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی وَ اَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ مُوْمِنٍ بَعْدِی قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - حِیْنَ دَعٰا النَّصٰاریٰ مِنْ اَھْلِ نَجْرٰانَ اِلٰی الْمُبٰاھَلَۃِ لَمْ یَأتِ اِلاَّ بِہِ وَ بِصٰاحِبَتِہِ وَ ابْنَیْہِ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ دَفَعَ اِلَیْہِ اللِّوٰاءَ یَوْمَ خَیْبَرَ ثُمَّ قٰالَ : لَأَدْفَعَہُ اِلیٰ رَجُلٍ یُحِبُّہُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہُ وَ یُحِبُّ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہُ کَرّٰارٌ غَیْرُ فَرّٰارٍ یَفْتَحُھٰا اللّٰہُ عَلیٰ یَدَیْہِ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ بَعَثَہُ بِبَرٰائَۃٍ وَ قٰالَ : لاٰ یَبْلُغُ عَنِیّ اِلاَّ اَنٰا اَوْ رَجُلٌ مِنّی قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - لَمْ تَنْزِلْ بِہِ شِدَّۃٌ قَطُّ اِلاَّ قَدَّمَہُ لَھٰا ثِقَۃً بِہِ وَ اَنَّہُ لَمْ یَدْعُہُ بِاسْمِہِ قَطُّ اِلاٰ یَقُوْلُ یٰا اَخِیْ وَ ادْعُوْا لِیْ اَخِیْ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قٰالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - قَضٰی بَیْنَہُ وَ بَیْنَ جَعْفَرٍ وَ زَیْدٍ فَقٰالَ : یٰا عَلِیُّ اَنْتَ مِنّیْ وَ اَنٰا مِنْکَ وَ اَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ مُوْمِنٍ بَعْدِیْ قٰالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

قالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ كانَتْ لَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - كُلَّ يَوْمٍ خَلْوَةٌ وَ كُلَّ لَيْلَةٍ دَخْلَةٌ اِذا سَئَلَهُ اَعطاهُ وَ اِذا سَكَتَ أبْداهُ قالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

قالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - فَضَّلَهُ عَلىٰ جَعْفَرٍ وَ حَمْزَةٍ حِيْنَ قالَ : لِفاطِمَةَ - عَلَيْها السَّلامُ - زَوَّجْتُكِ خَيْرَ اَهْلَ بَيْتِيْ اَقْدَمَهُمْ سِلْماً وَ اَعظَمُهُمْ حِلْماً وَ اَكْثَرُهُمْ عِلْماً قالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

قالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - قالَ : اَنا سَيِّدُ وُلْدِ بَنِىْ آدَمَ وَ اَخِىْ عَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ وَ فاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِساۤءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ سَيِّدا شَبابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ قالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

قالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - اَمَرَهُ بِغُسْلِهِ وَ اَخْبَرَهُ اَنَّ جَبْرَئِيْلَ يُعِيْنُهُ عَلَيْهِ قالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - قالَ فِىْ آخِرِ خُطْبَةٍ خَطَبَها اِنِّىْ تَرَكْتُ فِيْكُمُ الثِّقْلَيْنِ كِتابَ اللهِ وَ اَهْلَ بَيْتى فَتَمَسَّكُوْا بِهِما لَنْ تَضِلُّوْا قالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

ثُمَّ ناشَدَهُمْ اَنَّهُمْ قَدْ سَمِعُوْهُ يَقُوْلُ مَنْ زَعَمَ اَنَّهُ يُحِبُّنِىْ وَ يُبْغِضُ عَلِيّاً فَقَدْ كَذِبَ لَيْسَ يُحِبُّنِى وَ يُبْغِضُ عَلِيّاً فَقالَ لَهُ قائِلٌ : يا رَسُوْلَ اللهِ وَ كَيْفَ ذٰلِكَ؟ قالَ : لِاَنَّهُ مِنِّىْ وَ اَنا مِنْهُ مَنْ اَحَبَّهُ فَقَدْ اَحَبَّنِىْ وَ مَنْ اَحَبَّنِىْ فَقَدْ اَحَبَّ اللهَ وَ مَنْ اَبْغَضَهُ فَقَدْ اَبْغَضَنِىْ وَ مَنْ اَبْغَضَنِىْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللهَ فَقالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَدْ سَمِعْنا ...

اِعْتَبِرُوْا اَيُّها النّاسُ بِما وَعَظَ اللهُ بِهِ اَوْلِيائَهُ مِنْ سُوْءِ ثَنائِهِ عَلىٰ الاَحْبارِ اِذْ يَقُوْلُ : لَوْلاٰ يَنْهاهُمُ الرَّبّانِيُّوْنَ وَ الاَحْبارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الاِثْمَ وَ قالَ : لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِى اِسْرائِيْلَ - اِلىٰ قَوْلِهِ - لَبِئْسَ ما كانُوْا يَفْعَلُوْنَ وَ اِنَّما عابَ اللهُ ذٰلِكَ عَلَيْهِم لاَنَّهُمْ كانُوْا يَرَونَ مِنَ الظَّلَمَةِ الَّذِيْنَ بَيْنَ اَظْهَرِهِمُ الْمُنْكَرَ وَ الْفَسادَ فَلاٰ يَنْهَوْنَهُمْ عَنْ ذٰلِكَ رَغْبَةً فِيما كانُوْا يَنالُوْنَ مِنْهُمْ وَ رَهْبَةً مِمّا يَحْذَرُوْنَ وَ اللهُ يَقُوْلُ : فَلاٰ تَخْشَوُا النّاسَ وَ اخْشَوْنِ وَ قالَ : الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِناتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِياۤءُ بَعْضٍ يامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ فَبَدَءَ اللهُ بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ فَرِيضَةً مِنْهُ لِعِلْمِهِ بِاَنَّها اِذا اُدِّيَتْ وَ اُقِيْمَتْ اِسْتَقامَتِ الْفَرائِضُ كُلُّها هَيِّنُها وَ صَعْبُها وَ ذٰلِكَ أَنَّ اْلاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّهْىَ عَنِ الْمُنْكَرِ دُعاءٌ اِلىٰ اْلاِسْلامِ مَعَ رَدِّ الْمَظالِمِ وَ مُخالَفَةِ الظّالِمِ وَ قِسْمَةِ الْفَىءِ وَ الْغَنائِمِ وَ اَخْذِ الصَّدَقاتِ مِنْ مَواضِعِها وَ وَضْعِها فى حَقِّها

ثُمَّ اَنْتُمْ أَيَّتُها الْعِصابَةُ عِصابَةٌ بِالْعِلْمِ مَشْهُوْرَةٌ وَ بِالْخَيْرِ مَذْكُوْرَةٌ وَ بِالنَّصِيحَةِ مَعْرُوْفَةٌ وَ بِاللّٰهِ فى اَنْفُسِ النّاسِ مَهابَةٌ يَهابُكُمُ الشَّرِيفُ وَ يُكْرِمُكُمُ الضَّعِيفُ وَ يُؤْثِرُكُمْ مَنْ لاٰ فَضْلَ لَكُمْ عَلَيْهِ وَ لاٰ يَدَ لَكُمْ عِنْدَهُ تُشَفِّعُوْنَ فى الْحَوائِجِ اِذا امْتُنِعَتْ مِنْ طُلاّبِها وَ تَمْشُوْنَ فى الطَّرِيْقِ بِهَيْبَةِ الْمُلُوْكِ وَ كَرامَةِ اْلاَكابِرِ ، اَلَيْسَ كُلَّ ذٰلِكَ اِنَّما نِلْتُمُوهُ بِما يُرْجى عِنْدَكُمْ مِنَ الْقِيامِ بِحَقِّ اللهِ وَ اِنْ كُنْتُمْ عَنْ اَكْثَرِ حَقِّهِ تُقَصِّرُوْنَ فَاسْتَخْفَفْتُمْ بِحَقِّ اْلاَئِمَّةِ فَاَمّا حَقَّ الضُّعَفاءِ فَضَيَّعْتُمْ وَ اَمّا حَقَّكُمْ بِزَعْمِكُمْ فَطَلَبْتُمْ فَلاٰ مالاً بَذَلْتُمُوْهُ وَ لاٰ نَفْساً خاطَرْتُمْ بِها لِلَّذى خَلَقَها وَ لاٰ عَشِيْرَةً عادَيْتُمُوْها فى ذاتِ اللهِ

اَنْتُمْ تَتَمَنَّوْنَ عَلىَ اللهِ جَنَّتَهُ وَ مُجاوَرَةَ رُسُلِهِ وَ اَماناً مِنْ عَذابِهِ لَقَدْ خَشِيْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّها الْمُتَمَنُّوْنَ عَلىَ اللهِ اَنْ تَحِلَّ بِكُمْ نِقْمَةٌ مِنْ نَقِماتِهِ لاَنَّكُمْ بَلَغْتُمْ مِنْ كَرامَةِ اللهِ مَنْزِلَةً فُضِّلْتُمْ بِها وَ مَنْ يُعْرَفُ بِاللّٰهِ لاٰ تُكْرِمُوْنَ وَ اَنْتُمْ بِاللّٰهِ فى عِبادِهِ

تُكْرِمُوْنَ وَ قَد تَرَوْنَ عُهودَ اللهِ مَنْقُوْضَةً فَلاٰ تَفْزَعُوْنَ وَ اَنْتُمْ لِبَعْضِ ذِمَمِ آبائِكُمْ تَفْزَعُوْنَ وَ ذِمَةُ رَسُوْلِ اللهِ مَخْفُوْرَةٌ مَحْقُوْرَةٌ وَ الْعُمْىُ وَ الْبُكْمُ وَ الزَّمْنىٰ فِى الْمَدائِنِ مُهْمَلَةٌ لاٰ تُرْحَمُوْنَ وَ لاٰ فِى مَنْزِلَتِكُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ لاٰ مَنْ عَمِلَ فِيهٰا تُعِيْنُوْنَ

وَ بالاِدِّهٰانِ وَ الْمُصٰانَعَةِ عِنْدَ الظَّلَمَةِ تَامَنُوْنَ كُلُّ ذٰلِکَ مِمّٰا اَمَرَكُمُ اللهُ بِهِ مِنَ النَّهْىِ وَ التَّنٰاهى وَ اَنْتُمْ عَنْهُ غٰافِلُوْنَ وَ اَنْتُمْ اَعْظَمُ النّٰاسِ مُصِيْبَةً لِما غُلِبْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ مَنٰازِلِ الْعُلَمٰاءِ لَوْ كُنْتُمْ تَشْعُرُوْنَ ذٰلِکَ بِاَنَّ مَجٰارِىَ الْاُمُوْرِ وَ الْاَحْكٰامِ عَلىٰ اَيدي الْعُلَمٰاءِ بِاللهِ الْاُمَنٰاءِ عَلىٰ حَلالِهِ وَ حَرامِهِ فَاَنْتُمُ الْمَسْلُوْبُوْنَ تِلْکَ الْمَنْزِلَةَ وَ مٰا سُلِبْتُمْ ذٰلِکَ اِلاّٰ بِتَفَرُّقِكُمْ عَنِ الْحَقِّ وَ اخْتِلاٰفِكُمْ فى السُّنَّةِ بَعْدَ الْبَيِّنَةِ الْوٰاضِحَةِ وَ لَوْ صَبَرْتُمْ عَلىٰ الاَذٰى وَ تَحَمَّلْتُمُ الْمَؤُوْنَةَ فى ذٰاتِ اللهِ كٰانَتْ اُمُوْرُ اللهِ عَلَيْكُمْ تَرِدُ وَ عَنْكُمْ تَصْدُرُ وَ اِلَيْكُمْ تَرْجِعُ وَ لٰكِنَّكُمْ مَكَّنْتُمُ الظَّلَمَةَ مِنْ مَنْزِلَتِكُمْ وَ اسْتَسلَمتُم اُمُوْرَ اللهِ فى اَيْدِيْهِمْ يَعْمَلُوْنَ بالشُّبُهٰاتِ وَ يَسِيْرُوْنَ فى الشَّهَوٰاتِ سَلَّطَهُمْ عَلىٰ ذٰلِکَ فِرٰارُكُمْ مِنَ الْمَوْتِ وَ اِعْجٰابُكُمْ بِالْحَيٰاتِ الَّتى هِىَ مُفٰارِقَتُكُمْ فَاَسْلَمْتُمُ الضُّعَفٰاءَ فى اَيْديهِمْ فَمِنْ بَيْنِ مُسْتَعْبَدٍ مَقْهُوْرٍ وَ بَيْنِ مُسْتَضْعَفٍ عَلىٰ مَعِيْشَتِهِ مَغْلُوْبٍ يَتَقَلَّبُوْنَ فى الْمُلْک بِآرٰائِهِمْ وَ يَسْتَشْعِرُوْنَ الْخِزْىَ بِاَهْوٰائِهِمْ اِقْتِدٰاءً بِالْاَشْرٰارِ وَ جُرْأَةً عَلىٰ الْجَبّٰارِ فى كُلِّ بَلَدٍ مِنْهُمْ عَلىٰ مِنْبَرِهِ خَطِيْبٌ مِصْقَعٌ فَالْاَرْضُ لَهُمْ شٰاغِرَةٌ وَ اَيديهِمْ فيهٰا مَبْسُوْطَةٌ وَ النّٰاسُ لَهُمْ خَوَلٌ لاٰيَدْفَعُوْنَ يَدَ لاٰمِسٍ فَمِنْ بَيْنِ جَبّٰارٍ عَنِيْدٍ وَ ذى سَطْوَةٍ عَلىٰ الضَّعْفَةِ شَدِيدٍ مُطٰاعٍ لاٰ يَعْرِفُ الْمُبْدِءُ المعِيدَ فَيٰا عَجَباً وَمٰالى لاأَعْجَبُ وَالْأرضُ مِنْ غٰاشٍّ غَشُومٍ وَ مُتَصِدِّقٍ ظلومٍ وعاملٍ على المؤمنينَ بِهِمْ غَيْرُ رَحيمٍ، فَاللهُ الْحٰاكِمُ فيما فيهِ تَنٰازَعْنٰا وَالْقٰاضى بِحُكْمِهِ فيما شجَرَ بَيْنَنا

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ مٰا كٰانَ مِنّٰا تَنٰافُساً فى سُلْطٰانٍ وَ لاٰالْتِمٰاساً مِنْ فُضُولِ الْحُطٰامِ و لَكِنْ لِنُرِىَ الْمَعٰالِمَ مِنْ دِيْنِکَ وَ نُظْهِرَ الْاصْلاٰحَ فى بِلاٰدِکَ وَ يَأْمَنَ الْمَظْلُوْمُوْنَ مِنْ عِبٰادِکَ وَ يُعْمَلَ بِفَرٰائِضِکَ وَ سُنَنِکَ وَ اَحْكٰامِکَ فَاِنَّكُمْ اِنْ لاٰتَنْصُرُوْنٰا وَ تَنْصِفُوْنٰا قَوِيَ الْظَّلَمَةُ عَلَيْكُمْ وَ عَمِلُوْا فى اِطْفٰاءِ نُوْرِ نَبِيِّكُم وَ حَسْبُنٰا اللّٰهُ وَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْنٰا وَ اِلَيْهِ اَنَبْنٰا وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ

کتب حدیث میں اس خطبے کا مضمون اور اس کے نقل کی کیفیت

امام حسین علیہ السلام کے خطبات میں سے ایک انتہائی اہم ، ولولہ انگیز اور تاریخی خطبہ وہ ہے جو آپ نے سن ۵۸ ہجری میں، معاویہ کی موت سے دو سال قبل ایسے حالات میں ارشاد فرمایا جب اموی حکومت نے امت اسلامی کو شدید ترین ظلم وستم اور خوف و ہراس سے دوچار کیا ہوا تھا۔ اگرچہ اس خطبے کے متعدد پہلو ہیں اور اس میں مختلف موضوعات ذکر ہوئے ہیں لیکن مجموعی طور پر یہ خطبہ تین علیحدہ علیحدہ حصوں پر مشتمل ہے۔

پہلا حصہ : امیر المومنین اور خاندان اہل بیت کے فضائل پر مشتمل ہے۔

دوسرا حصہ : امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی دعوت اور اس عظیم اسلامی ذمہ داری کی اہمیت کے ذکر پر مشتمل ہے۔

تیسرا حصہ : علما کی ذمے داری اور ان پر مفسدوں اور ظالموں کے خلاف جد و جہد کا واجب ہونا،ظالموں کے سامنے علما کی خاموشی کے نقصانات اور اس بڑی دینی ذمے داری کی انجام دہی کے سلسلے میں سستی کے نقصان دہ اور خطرناک اثرات کے جائزے پر مشتمل ہے۔

پہلا حصہ کتاب ((سلیم بن قیس ہلالی))[1] میں اور دوسرا اور تیسرا حصہ احادیث کی

دوسری کتابوں میں درج ہوا ہے۔ اس خطبے کے تین علیحدہ حصوں پر مشتمل ہونے کی مناسبت سے مختلف مورخین ، محدثین، علما اور محققین نے اپنی اپنی کتب میں خطبے کے اسی حصے کو درج کرنے پر اکتفا کیا ہے جو ان کی بحث سے تعلق رکھتا تھا اور باقی حصوں کو نقل کرنے سے گریز کیا ہے ۔یہاں تک کہ بعض نے اس خطبے کا فقط ایک جملہ نقل کیا ہے[2] اور کبھی اس خطبے کے مجموعی مضمون کی جانب اشارہ کیا گیاہے ۔

اسی طرح خطبے کے مختلف حصوں کو نقل کرتے ہوئے علمائے کرام نے بعض اوقات خطبہ ارشاد فرمانے کے مقام اور زمانے کی نشاندہی کی ہے اور کبھی محدثین کے معمول کے

مطابق صرف متن تحریر کرنے پر اکتفا کیا ہے۔ مثال کے طور پر :

۱۔ سلیم بن قیس ہلالی ابن صادق عامری کوفی تابعی امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام سے لے کر امام محمد باقر علیہ السلام تک پانچ ائمہ سے مستفیض ہوئے اور امام سجاد علیہ السلام کے دور امامت میں تقریبا ۹۰ ہجری میں ان کی وفات ہوئی۔ وفات کے زمانے میں وہ حجاج بن یوسف کے خوف سے روپوشی کی زندگی گزار رہے تھے۔ ان کی کتاب جسے اصل ((سلیم بن قیس)) بھی کہا گیا ہے ان ابتدائی کتب میں سے ہے جو شیعوں نے تالیف کیں اور یہ کتاب شیعہ اور سنی علما میں معروف اور مشہور ہے ۔

ابن ندیم (وفات ۳۸۵ ھ) فرماتے ہیں : کتاب سلیم بن قیس شیعوں کی ابتدائی ترین کتب میں سے ہے ۔چوتھی صدی ہجری کے عالم ابو عبداللہ نعمانی جو(کافی کے مصنف) مرحوم کلینی کے شاگردوں میں سے ہیں اور کتاب((غیبت نعمانی)) کے مصنف ہیں، فرماتے ہیں : شیعہ احادیث کے تمام راوی اور علما متفق ہیں کہ کتاب سلیم بن قیس بہترین اور قدیم ترین اصول میں سے ہے۔ کیونکہ جو کچھ اس کتاب میں ذکر ہوا ہے، وہ یا تو براہ راست امیر المومنین سے سنا گیا ہے یا سلمان ، ابوذر، مقداد اور ان جیسے افراد سے جنہوں نے رسول اللہ اور امیر المومنین سے احادیث سنی ہیں۔(کتاب سلیم بن قیس کے بارے میں مزید معلومات کے لئے رجوع کریں : الذریعہ ۔ج ۱ ۔ ص ۱۵۲)

۲۔ جیسا کہ شیخ انصاری نے کتاب ((مکاسب)) اور مرحوم کمپانی نے ((حاشیئہ مکاسب)) میں ولایت فقیہ کی بحث میں ایک جملہ نقل کیا ہے۔

۳-مرحوم طبرسی (وفات ۵۸۸ھ)نے خطبہ دیئے جانے کے اسباب کو بیان کرتے ہوئے (جو حکومت معاویہ کاحد سے بڑھا ہوا ظلم وستم تھا) چند سطور میں محض اسکا خلاصہ تحریر کیا ہے اور وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ خطبہ معاویہ کی موت سے دو سال قبل سر زمین منیٰ میں اس زمانے کے ایک ہزار سے زائد مذہبی عمائدین کے رو برو دیا گیا ۔[3]

۴-علامہ مجلسی ،فیض کاشانی اور آیت اللہ شہیدی تبریزی نے بھی (اس خطبے کے)

آخری دو حصوں کو((تحف العقول)) سے نقل کیا ہے لیکن پہلے حصے یا خطبہ دیئے جانے کے مقام

اور اس کی تاریخ کی جانب کوئی اشارہ نہیں کیا۔[4]

۵-مرحوم علامہ امینی نے ((الغدیر)) میں پہلے حصے کے چند جملات درج کیے ہیں جن میں امیرالمومنین علیہ السلام کے فضائل بیان ہوئے ہیں ۔[5]

۶-ایران کے اسلامی انقلاب کے بانی آیت اللہ العظمیٰ سید روح اللہ خمینی رضوان اللہ تعالی

علیہ نے ولایت فقیہ کی بحث کی مناسبت سے اور علمائے دین کی ذمے داریوں کو بیان کرتے ہوئے اس خطبے کے آخری دو حصے تحف العقول سے نقل کیے ہیں [6] لیکن ((تحف العقول)) کے مصنف اور اسی طرح مرحوم فیض کاشانی ا ور علامہ مجلسی کے برخلاف آپ نے واضح طور پر لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے یہ خطبہ (دوسرا اور تیسرا حصہ)منیٰ میں ارشاد فرمایا ۔

اس تمہید کا مقصد اس نکتے کی وضاحت ہے کہ اگر چہ علما ، محققین اور محدثین نے اس خطبے کو مختلف اور متعدد حصوں کی صورت میں نقل کیا ہے لیکن مجموعی طور پر یہ ایک ہی خطبہ ہے اور یہ وہی خطبہ ہے جسے حسین ابن علی نے منیٰ میں ایک خاص حالت میں، جسے آپ ملاحظہ فرمائیں گے ارشاد فرمایا ہے ۔ اس خطبے کی اہمیت کے پیش نظر اور یہ دیکھتے ہوئے کہ تاریخ اور حدیث کی کتابوں میں اس خطبے کے تمام حصے یکجا درج نہیں کئے گئے ، ہم نے یہاں مکمل خطبہ نقل کیا ہے۔

اس خطاب کا محرک(Motive)

اس خطبے کے مضامین کی اہمیت ، اس زمانے کے حالات کی نزاکت اور اس زمان ومکان کی خاص کیفیت جسے امام علیہ السلام نے اس خطاب کے لئے منتخب کیا ، سلیم بن قیس کے لئے اس بات کا سبب بنے کہ وہ خطبے کا اصل متن نقل کرنے سے پہلے اسلامی معاشرے کے ان حالات کا ذکر کریں جو معاویہ کے ۲۵ سالہ دور حکومت میں وجود میں آئے تھے [(7)]۔ اور اس ظلم وستم کو بیان کریں جو بالعموم تمام مسلمانوں پر اور خاص کر عراق اور کوفہ کے مسلمانوں پر روا رکھا جاتا تھا ۔ سلیم بن قیس نے تاریخی تعلق کو محفوظ رکھنے اور اس خطبے کے اسباب کی تشریح کی غرض سے اس دور کی پوری تاریخ نہیں بلکہ اس کے صرف ایک گوشے سے پردہ اٹھایا ہے اور اہل بیت اور ان کے ماننے والوں کی حق کشی اور ان پر ہونے والے کچھ مظالم کی ایک جھلک پیش کی ہے ۔آئندہ سطور میں اس خطاب کے زمانے کے حالات اوراس کے پہلے حصے کا اصلی متن پیش خدمت ہے ۔

پہلا حکم نامہ

سلیم بن قیس کہتے ہیں : معاویہ نے اپنے تمام کارندوں اور والیوں کے نام ایک حکم نامہ جاری کیا، جس میں تحریر تھا کہ : جوکوئی بھی ابوتراب یا ان کے خاندان کی کوئی فضیلت بیان کرے ،میں اس سے بری الذمہ ہوں اور وہ میری امان اور حمایت سے محروم ہوجائے گا (کنا یہ ہے کہ اسے فوراً قتل کر دیا جائے گا)۔

اس حکم نامے کا نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ مملکت اسلامی کے تمام علاقوں میں خطباء اور مقررین نے ممبروں پر سے امیرالمومنین علی علیہ السلام پر (نعوذ باللہ تعالی) لعن طعن کا سلسلہ شروع کر دیا اور ان سے بیزاری کا اعلان کیا جانے لگا۔ حضرت علی علیہ السلام اور ان کے خاندان پر تہمتیں باندھنا شروع کردی گئیں اور ان سے ناروا باتیں منسوب کی جانے لگیں۔اس کشمکش کے دوران اہل کوفہ سب سے زیادہ مصیبت کاشکار اور بے بس تھے کیونکہ کوفہ میں شیعیان علی دوسرے علاقوں سے زیادہ تعداد میں بستے تھے لہذا معاویہ کا دباؤ سب سے زیادہ یہیں پر تھا۔ اسی لئے اس نے کوفہ کی حکومت زیادا بن سمیہ کے سپرد کی اور بصرہ کو بھی اسی کی عملداری میں دے دیا۔ معاویہ کی اس غیر معمولی محبت اور عنایت کا زیاد نے بھرپور جواب دیا۔ وہ ہر کونے کھدرے سے ،جس طرح سے بھی ممکن تھا ،امیرالمومنین کے چاہنے والوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر مار ڈالتا۔

شیعیان علی پر خوف و ہراس کی فضا طاری ہوگئی ۔ ان پر وہ مظالم ڈھائے جانے لگے، جن کی مثال تاریخ میں شاید ہی مل سکے۔ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جاتے ،آنکھیں نکلوادی جاتیں۔ ان مظالم کے نتیجے میں امیرالمومنین کے چاہنے والے عراق سے کوچ کر کے دور افتادہ مقامات پر پناہ لینے اور اپنا عقیدہ لوگوں سے چھپا کر رکھنے پر مجبور ہو گئے۔ مختصر یہ کہ مشہور ومعروف شیعوں میں سے کوئی بھی کوفہ میں باقی نہیں رہا ۔

سلیم بن قیس مزید لکھتے ہیں :معاویہ نے اپنے گورنروں کو حکم دیا کہ شیعیان علی اور خاندان علی میں سے کسی شخص کی گواہی قبول نہ کریں اور اس بات پر خاص توجہ دیں کہ اگر ان کے علاقے میں خلیفہ ء ثالث کے طرفدار، یا ان کے خاندان والے، یا ایسے افراد موجود ہوں جو ان کے فضائل اور کرامات بیان کرتے ہوں، تو سرکاری محفلوں میں ان کا خاص احترام کیا جائے اور ان کی تعظیم واکرام میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اور جو کچھ بھی خلیفہ ء ثالث کے فضائل میں بیان کیا جائے، اسے بیان کرنے والے کی تمام تر تفصیلات کے ساتھ مجھے لکھ بھیجا جائے ۔

گورنروں نے اس حکم کی پوری پوری تعمیل کی اور جو کوئی بھی ایک بھی جملہ خلیفہ ء ثالث کے بارے میں نقل کرتا، اسکی رپورٹ بنائی جاتی اور اس کے لئے خاص انعام واکرام مقرر کردیا جاتا۔ یوں خلیفہ ء ثالث کے بارے میں منقولات کی تعداد بڑھتی چلی گئی کیونکہ اس قسم کی باتیں کرنے والے حکومت کی طرف سے خاص انعام واکرام کے مستحق قرار پاتے تھے ۔

معاویہ کی نوازشات اور حکام کی قدر دانی کے نتیجے میں خلافت اسلامی کے تمام گوشہ وکنار میں حدیث گھڑنا معمول بن گیا۔ کوئی بھی ناپسندیدہ اور دھتکارا ہوا شخص، معاویہ کے کسی گورنر یا حاکم کے پاس جاکر خلیفہ ء ثالث کے بارے میں کوئی حدیث یا ان کی کوئی فضیلت بیان کردیتا ،تو اسے بلا چوں وچرا قبول کرلیا جاتا اور عطیات کے رجسٹر میں ایسے شخص کا نام درج کرلیا جاتا اور دوسروں کے لئے اس کی سفارش کبھی نہیں ٹالی جاتی ۔

دوسرا حکم نامہ

سلیم بن قیس اپنے بیان میں مزید فرماتے ہیں :جب کچھ مدت بعد خلیفہ ء ثالث کے بارے میں بہت زیادہ احادیث ہوگئیں تو معاویہ نے اپنے حکام کو یوں لکھا: حضرت عثمان کے بارے میں احادیث اب بہت زیادہ ہوگئی ہیں اور کافی حد تک مملکت اسلامی کے ہر کونے میں پہنچ گئی ہیں لہذا اس حکم نامے کے پہنچتے ہی لوگوں کو ترغیب دلاؤ کہ اصحاب اور پہلے دو خلفاء کے بارے میں احادیث

بیان کریں اور جو بھی کوئی حدیث یا فضیلت ابوتراب کے لئے منقول ہے اسی کی جیسی دوسرے اصحاب کے بارے میں نقل کریں۔ تمہارا یہ عمل میرے لئے پسندیدہ اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث ہو گا اور ابوتراب اور ان کے حامیوں کو کچل دینے کا موجب ہو گا ۔

یہ خط اجتماعات میں پڑھ کر سنایا گیا اور اس کا مضمون عوام الناس کے درمیان نشر کردیا گیا ۔ فوری طور پر اصحاب کی فضیلت اور منقبت میں لاتعداد ا حادیث بیان کی جانے لگیں، جو سب کی سب جعلی اور گھڑی ہوئی تھیں ، لوگ ان احادیث کو بیان کرنے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے، یہاں تک کہ یہی جعلی احادیث ممبروں پر سے اور نمازوں کے خطبوں میں پڑھی جاتی تھیں اور مسلمانوں کو حکم دیا گیاتھا کہ یہی احادیث وہ اپنے بچوں کو بھی یاد کرائیں۔ اور یوں بچوں اور نوجوانوں کو بھی یہی احادیث سکھائی گئیں اور وہ انہیں آیات قرآن کی طرح حفظ کرتے تھے، یہاں تک کہ عورتوں ،بچیوں اور ملازموں تک کو یہ فضائل سکھادیئے گئے اور یہ سلسلہ مدت دراز تک جاری رہا ۔

تیسرا اور چوتھا حکم نامہ

سلیم بن قیس مزید کہتے ہیں : معاویہ اور اس کے کارندوں کا یہ طریقہ ء کار اسی طرح جاری رہا ،یہاں تک کہ کچھ عرصے کے بعد معاویہ نے اپنے حاکموں اور کارندوں کے لئے تیسرا حکم نامہ ارسال کیا، جس کا مضمون کچھ یوں تھا : پوری کوشش کرو کہ جس کسی پر بھی علی اور آل علی کی دوستی کا الزام ہو اور اس الزام پر کوئی معمولی سی بھی دلیل مل جائے تواس شخص کا نام وظیفہ وانعام لینے والوں کی فہرست میں سے خارج کر دو، اور بیت المال میں سے اسے حصہ دینا بھی بند کردو ۔

اس حکم نامے کے فوراً بعد ایک اور حکم نامہ صادر کیا گیا، جس کا مضمون یہ تھا کہ: جس شخص پر علی کے خاندان کے ساتھ محبت کا الزام ہو، اس کے ساتھ شدید سختی کرو اور اس کا گھر اسی پر گرا دو تا کہ دوسرے اس سے عبرت حاصل کریں ۔

سلیم بن قیس کہتے ہیں کہ اہل عراق خاص کر اہل کوفہ نے اس سے بڑی مصیبت نہ دیکھی تھی ۔کیونکہ اس حکم کے بعد گورنروں اور حاکموں کی سختیوں کے نتیجے میں شیعوں پر غیر معمولی خوف و ہراس طاری ہوگیا ۔یہاں تک کہ بعض اوقات جب شیعیان علی سے تعلق رکھنے والے افراد ایک دوسرے کے گھر جاتے تھے تو صاحب خانہ اپنے غلاموں اور ملازموں کے خوف سے اپنے مہمان سے کوئی بات کرنے پر تیار نہ ہوتا تھا ،مگر یہ کہ پہلے ان ملازموں سے عہد وپیمان لیتے تھے کہ ان کا راز فاش نہیں کریں گے۔

اس طرح علی اور خاندان علی کی مذمت میں جعلی احادیث وجود میں آئیں اور محدثین، قاضی اور حکام انہی جعلی احادیث کی پیروی کرتے تھے۔ اس سلسلے میں بدترین لوگ وہ ریا کار اور منافق محدث (راوی) تھے جو بظاہر صاحب ایمان اور عبادت گزار تھے لیکن جاہ ومقام اور دنیاوی مال ومنال حاصل کرنے کے لئے جعلی احادیث گھڑتے تھے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ جعلی اور من گھڑت جھوٹی احادیث ان دیندار اور پرہیز گار افراد تک بھی پہنچیں جو خود تو جھوٹ اور الزام سے بچنا چاہتے تھے لیکن اپنے حسن ظن اور سادہ لوحی کے نتیجے میں ان جعلی روایات کو قبول کرلیتے تھے اورانہیں دوسروں کے سامنے نقل کرتے تھے، جبکہ اگر وہ ان کے جعلی ہونے سے واقف ہوتے تو ہرگز انہیں نقل نہ کرتے ۔[8]

سلیم بن قیس مزید فرماتے ہیں (معاویہ کے آنے کے بعد سے)یہ ظلم وستم اسی طرح جاری و ساری رہا لیکن امام حسن کی شہادت کے بعد[9] ان مصیبتوں اور مشکلات میں مزید سختی آگئی اورمحبانِ اہل بیت مستقل خوف وہراس اور شدید دہشت میں زندگی بسر کرنے لگے۔ کیونکہ یا تو وہ قتل کردیئے جاتے تھے یا زیر زمین اور اپنا گھر بار ترک کر کے دور افتادہ مقامات پر زندگی گزارتے تھے۔ جبکہ ان کے مقابلے میں دشمنانِ اہل بیت خود کو ہر لحاظ سے برتر اور ظلم وستم اور بدعتوں کے رواج میں آزاد پاتے تھے ۔

کن حالات میں یہ خطبہ دیا گیا

سلیم کہتے ہیں :ان حالات میں معاویہ کی موت سے دوسال پہلے[10] امام حسین نے حج کاارادہ کیا اور عبداللہ ا بن عباس اور عبداللہ ابن جعفر کو اپنے ہمسفر کے طور پر منتخب کیا۔ مکہ

مکرمہ میں بنی ہاشم کے مردوں اور عورتوں اور انصار کے ان افراد کو جنھیں خود امام حسین یابنی ہاشم پہچانتے تھے دعوت دی گئی اور ان افراد کو یہ ذمے داری سونپی گئی کہ وہ صحابہء کرام اور تابعین میں سے صالح اور ذمہ دار افراد کو منیٰ میں منعقد ہونے والے اس جلسے کی دعوت دیں۔

اور جب یہ افراد، جن کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ تھی [11]منیٰ میں امام حسین علیہ السلام کے خیمے میں جمع ہوگئے تو امام نے خطبے کا آغاز کیا اور خداوند متعال کی حمد وثناء کے بعد فرمایا : آپ لوگ اس ظلم وستم سے بخوبی آگاہ ہیں اور اسکا خود مشاہدہ کر رہے ہیں جو اس ظالم وجابر حکومت نے ہم پر اور ہمارے شیعوں پر روا رکھا ہواہے۔ میں یہاں (اپنے والد کے بارے میں) کچھ باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں، اگر یہ باتیں صحیح ہوں توآپ میری تصدیق کیجئے گا اور اگر غلط ہوں تو قبول نہ کیجئے گا۔ میری باتیں سنئے، انہیں لکھ لیجئے

اور جو کچھ عرض کروں اسے ذہنوں میں محفوظ کرلیجئے گا اور جب اپنے اپنے علاقوں کو واپس جائیں تو جو کچھ سنا ہے اسے اپنی قوم وقبیلے کے معتبر افراد اور اپنے قابل اعتماد دوستوں اور جاننے والوں تک پہنچائیے گا۔ کیونکہ مجھے خوف لا حق ہے کہ کہیں یہ حقائق چھپ نہ جائیں اور مذہب حق مٹ نہ جائے واللہ متم نورہ و لوکرہ الکافرون (اور اللہ اپنے نور کو مکمل کرنے والا ہے، چاہے یہ بات کفار کو کتنی ہی ناگوار کیوں نہ ہو۔ سورہ صف ۶۱ ۔ آیت ۸)

سلیم کہتے ہیں کہ امام نے اپنی گفتگو ختم کرنے کے بعد ایک مرتبہ پھر خدا کی قسم کھا کر تاکید کی کہ اپنے اپنے علاقوں میں واپسی پر اپنے قابل اعتمادافراد تک میری یہ گفتگو پہنچائیے گا ۔ پھر آپ ممبر سے نیچے تشریف لے آئے اور حاضرین بزم امام سے اس پیغام کو پہنچانے کا وعدہ کرکے متفرق ہوگئے ۔

خطبے کے پہلے حصے کا متن

(امیر المومنین کے فضائل کا بیان)

اس کے بعد سلیم بن قیس نے امام علیہ السلام کے خطبے کا پہلا حصہ جو امیرالمومنین اور اہل بیت علیہم السلام کے فضائل پر مشتمل ہے یوں نقل کیا ہے :

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أُنْشِدُكُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ عَلِيَّ ابْنَ اَبِى طَالِبٍ كَانَ اَخَا رَسُوْلِ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - حِيْنَ اٰخىٰ بَيْنَ اَصْحَابِهِ فَاٰخىٰ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ نَفْسِهِ وَ قَالَ : اَنْتَ أَخى وَ اَنَا اَخُوْكَ فِى الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ : أُنْشِدُكُمُ اللهَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - اِشْتَرىٰ مَوْضِعَ مَسْجِدِهِ وَ مَنَازِلِهِ فَابْتَنَاهُ ثُمَّ ابْتَنىٰ فِيهِ عَشَرَةَ مَنَازِلَ تِسْعَةً لَهُ وَ جَعَلَ عَاشِرَهَا فِي وَسَطِهَا لِاَبِى ثُمَّ سَدَّ كُلَّ بَابٍ شَارِعٍ اِلَى الْمَسْجِدِ غَيْرَ بَابِهِ فَتَكَلَّمَ فِى ذٰلِكَ مَنْ تَكَلَّمَ فَقَالَ : مَا اَنَا سَدَدْتُ اَبْوَابَكُمْ وَ فَتَحْتُ بَابَهُ وَ لٰكِنَّ اللهَ اَمَرَنِى بِسَدِّ اَبْوَابِكُمْ وَ فَتْحِ بَابِهِ ثُمَّ نَهَى النَّاسَ اَنْ يَنَامُوْا فِى الْمَسْجِدِ غَيْرَهُ، وَ كَانَ

يُجْنِبُ فِى الْمَسْجِدِ وَ مَنْزِلُهُ فِى مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللهِ-صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - فَوُلِدَ لِرَسُوْلِ اللهِ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ - وَ لَهُ

فِيْهِ اَوْلَادٌ ؟ قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ فَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطّابِ حَرِصَ عَلیٰ کُوَّةٍ قَدْرَ عَیْنِهِ یَدَعُهَا فی مَنزِلِهِ اِلیٰ الْمَسْجِدِ فَاَبیٰ عَلَیْهِ ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ : اِنَّ اللهَ اَمَرَنِی اَنْ اَبْنِیَ مَسْجِداً طَاهِراً لاَ یُسْکِنُهُ غَیْری وَ غَیْرُ اَخِیْ وَ بَنِیْهِ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - نَصَبَهُ یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ فَنَادیٰ لَهُ بِالْوِلاٰیَةِ وَ قَالَ : لِیُبَلِّغِ الشّاهِدُ الْغَایِبَ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - قَالَ لَهُ فی غَزْوَةِ تَبُوْکَ اَنْتَ مِنِّی بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی وَ اَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ مُوْمِنٍ بَعْدِی قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - حِیْنَ دَعَا النَّصَارٰی مِنْ اَهْلِ نَجْرَانَ اِلٰی الْمُبَاهَلَةِ لَمْ یَأتِ اِلاَّ بِهِ وَ بِصَاحِبَتِهِ وَ ابْنَیْهِ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ دَفَعَ اِلَیْهِ اللِّوَاءَ یَوْمَ خَیْبَرَ ثُمَّ قَالَ : لأَدْفَعَهُ اِلیٰ رَجُلٍ یُحِبُّهُ اللهُ وَ رَسُوْلُهُ وَ یُحِبُّ اللهَ وَ رَسُوْلَهُ کَرّارٌ غَیْرُ فَرّارٍ یَفْتَحُها اللهُ عَلیٰ یَدَیْهِ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ بَعَثَهُ بِبَرَائَةٍ وَ قَالَ : لاَ یَبْلُغُ عَنِیّ اِلاَّ اَنَا اَوْ رَجُلٌ مِنِّی قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - لَمْ تَنْزِلْ بِهِ شِدَّةٌ قَطُّ اِلاَّ قَدَّمَهُ لَهَا ثِقَةً بِهِ وَ اَنَّهُ لَمْ یَدْعُهُ بِاسْمِهِ قَطُّ اِلاٰ یَقُوْلُ یَا اَخِیْ وَ ادْعُوْا لِیْ اَخِیْ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - قَضٰی بَیْنَهُ وَ بَیْنَ جَعْفَرٍ وَ زَیْدٍ فَقَالَ : یَا عَلِیُّ اَنْتَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْکَ وَ اَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ مُوْمِنٍ بَعْدِیْ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ کَانَتْ لَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - کُلَّ یَوْمٍ خَلْوَةٌ وَ کُلَّ لَیْلَةٍ دَخْلَةٌ اِذَا سَئَلَهُ اَعْطَاهُ وَ اِذَا سَکَتَ أَبْدَاهُ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - فَضَّلَهُ عَلیٰ جَعْفَرٍ وَ حَمْزَةٍ حِیْنَ قَالَ : لِفَاطِمَةَ - عَلَیْهَا السَّلاٰمُ - زَوَّجْتُکِ خَیْرَ اَهْلِ بَیْتِیْ اَقْدَمَهُمْ سِلْماً وَ اَعْظَمُهُمْ حِلْماً وَ اَکْثَرُهُمْ عِلْماً قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - قَالَ : اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ بَنِیْ آدَمَ وَ اَخِیْ عَلِیٌّ سَیِّدُ الْعَرَبِ وَ فَاطِمَةُ سَیِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَیْنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - اَمَرَهُ بِغُسْلِهِ وَ اَخْبَرَهُ اَنَّ جَبْرَئِیْلَ یُعِیْنُهُ عَلَیْهِ قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - قَالَ فِیْ آخِرِ خُطْبَةٍ خَطَبَهَا اِنِّیْ تَرَکْتُ فِیْکُمُ الثِّقْلَیْنِ کِتَابَ اللهِ وَ اَهْلَ بَیْتِی فَتَمَسَّکُوْا بِهِمَا لَنْ تَضِلُّوْا قَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ

ثُمَّ نَاشَدَهُمْ اَنَّهُمْ قَدْ سَمِعُوْهُ یَقُوْلُ مَنْ زَعَمَ اَنَّهُ یُحِبُّنِیْ وَ یُبْغِضُ عَلِیّاً فَقَدْ کَذِبَ لَیْسَ یُحِبُّنِی وَ یُبْغِضُ عَلِیّاً فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ : یَا رَسُوْلَ اللهِ وَ کَیْفَ ذٰلِکَ؟ قَالَ : لِاَنَّهُ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْهُ مَنْ اَحَبَّهُ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَ مَنْ اَحَبَّنِیْ فَقَدْ اَحَبَّ اللهَ وَ مَنْ اَبْغَضَهُ فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ وَ مَنْ اَبْغَضَنِیْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللهَ فَقَالُوْا : اَللَّهُمَّ نَعَمْ قَدْ سَمِعْنَا ...

اس حصے کے جملوں کا علیحدہ علیحدہ ترجمہ

أُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ عَلِیَّ ابْنَ اَبی طَالِبٍ کٰانَ اَخٰا رَسُوْلِ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - حِیْنَ اٰخیٰ بَیْنَ اَصْحٰابِهِ فَاٰخیٰ بَیْنَهُ وَ بَیْنَ نَفْسِهِ وَ قٰالَ : اَنْتَ أَخی وَ اَنٰا اَخُوْکَ فی الدُّنْیٰا وَ الْآخِرَةِ [12] قٰالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

(امام حسین نے فرمایا) تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم نہیں جانتے ہو ہے کہ جب رسول اللہ نے اپنے اصحاب کے درمیان اخوت کا رشتہ قائم کیا تو اس وقت آنحضرت نے علی ابن ابی طالب کو اپنا بھائی قرار دیاتھااورفرمایا تھا کہ دنیا اور آخرت میں تم میرے اور میں تمہارا بھائی ہوں۔ (سامعین نے)کہا : بارالہا ! ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قٰالَ : أُنْشِدُکُمُ اللهَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - اِشْتَریٰ مَوْضِعَ مَسْجِدِهِ وَ مَنٰازِلِهِ فَابْتَنٰاهُ ثُمَّ ابْتَنیٰ فِیهِ عَشَرَةَ مَنٰازِلَ تِسْعَةً لَهُ وَ جَعَلَ عٰاشِرَهٰا فِی وَسَطِهٰا لِاَبِی ثُمَّ سَدَّ کُلَّ بٰابٍ شٰارِعٍ اِلَی الْمَسْجِدِ غَیْرَ بٰابِهِ [13] فَتَکَلَّمَ فی ذٰلِکَ مَنْ تَکَلَّمَ فَقٰالَ : مٰا اَنٰا سَدَدْتُ اَبْوٰابَکُمْ وَ فَتَحْتُ بٰابَهُ وَ لٰکِنَّ اللهَ اَمَرَنی بِسَدِّ اَبْوٰابِکُمْ وَ فَتْحِ بٰابِهِ ثُمَّ نَهَی النّٰاسَ اَنْ یَنٰامُوْا فی الْمَسْجِدِ غَیْرَهُ، وَ کٰانَ یُجْنِبُ فی الْمَسْجِدِ [14] وَ مَنْزِلُهُ فی مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللهِ-صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - فَوُلِدَ لِرَسُوْلِ اللهِ - صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - وَ لَهُ فیهِ اَوْلاٰدٌ ؟ قٰالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : تمہیں خدا کی قسم دے کے پوچھتا ہوں، کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ نے اپنی مسجد اور اپنے گھروں کے لئے جگہ خریدی۔ پھر مسجد تعمیر کی اور اس میں دس گھر بنائے۔ نو گھر اپنے لئے اور دسواں وسط میں میرے والد کے لئے رکھا۔ پھر میرے والد کے دروازے کے سوا مسجد کی طرف کھلنے والے تمام دروازے بند کروا دیئے۔ اور جب اعتراض کرنے والوں نے اعتراض کیا تو فرمایا : میں نے نہیں تمہارے دروازے بند کئے اور علی کا دروازہ کھلارکھا،

بلکہ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہارے دروازے بند کروں اور ان کادروازہ کھلا رکھوں۔ اس کے بعد نبی اکرم نے علی کے سوا تمام افراد کو مسجد میں سونے سے منع فرمایا۔ چونکہ حضرت علی کا حجرہ مسجد میں رسول اللہ کے حجرے کے ساتھ ہی تھا (لہذا) علی مسجد میں مجنب ہوتے تھےاور اسی حجرے میں نبی اکرم اور علی کے لئے اللہ تعالی نے اولاد یں عطا کیں؟ (سامعین

نے) کہا : بارالہا ! ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ فَتَعْلَمُوْنَ اَنّ عُمَرَ بْنَ الْخَطّٰابِ حَرِصَ عَلٰی کُوَّةٍ قَدْرَ عَیْنِهِ یَدَعُهَا فی مَنزِلِهِ اِلیٰ الْمَسْجِدِ فَاَبیٰ عَلَیْهِ ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ : اِنَّ اللهَ اَمَرَنِی اَنْ اَبْنِیَ مَسْجِداً طَاهِراً لاَ یُسْکِنُهُ غَیْرِی وَ غَیْرُ اَخِیْ وَ بَنِیْهِ قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا تمہیں معلوم ہے کہ عمر بن خطاب کو بڑی خواہش تھی کہ ان کے گھر کی دیوار میں ایک آنکھ کے برابر سوراخ رہے جو مسجد کی طرف کھلتا ہو لیکن نبی نے انہیں منع کر دیا۔ اور خطبے میں ارشاد فرمایا : اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ پاک و پاکیزہ مسجد بناؤں لہذا میرے ، میرے بھائی (علی) اور ان کی اولاد کے سوا کوئی (اور شخص مسجدمیں) نہیں رہ سکتا۔ (سامعین نے) کہا : بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - نَصَبَهُ یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ فَنَادیٰ لَهُ بِالْوِلاٰیَةِ [15] وَ قَالَ : لِیُبَلّغِ الشّاهِدُ الْغَایِبَ قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے غدیر خم کے دن علی کو بلند کیا اور انہیں مقام ولایت پر نصب کرنے کا

اعلان فرمایا۔ اور کہا کہ یہاں حاضرلوگ اس واقعے کی اطلاع یہاں غیر موجود لوگوں تک پہنچا دیں؟ (سامعین نے)کہا: بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - قَالَ لَهُ فی غَزْوَةِ تَبُوْکَ اَنْتَ مِنّی بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی[16] وَ اَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ مُوْمِنٍ بَعْدِی [17] قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تمہارے علم میں ہے کہ رسول اللہ نے غزوۂ تبوک کے موقع پر علی سے فرمایا : تم میرے لئے ایسے ہی ہو جیسے موسیٰ کے لئے ہارون اور (فرمایا) تم میرے بعد تمام مومنوں کے ولی اور سرپرست ہوگے۔ (سامعین نے) کہا : بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللهَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ - حِیْنَ دَعَا النَّصَارٰی مِنْ اَهْلِ نَجْرَانَ اِلٰی الْمُبَاهَلَةِ لَمْ یَأتِ اِلاَّ بِهِ وَ بِصَاحِبَتِهِ وَ ابْنَیْهِ [18] قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا: تمہیں اللہ کی قسم دے کر پوچھتاہوں کہ جب رسول اللہ نے نجران کے عیسائیوں کو مباہلے کی دعوت دی، تو اپنے ساتھ، سوائے علی، ان کی زوجہ اور ان کے دو بیٹوں

کے کسی اور کو نہیں لے کر گئے؟ (سامعین نے)کہا: بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اُنْشِدُکُمُ اللہَ اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ دَفَعَ اِلَیْہِ اللِّوَاءَ یَوْمَ خَیْبَرَ ثُمَّ قَالَ : لَأَدْفَعَہُ اِلیٰ رَجُلٍ یُحِبُّہُ اللہُ وَ رَسُوْلُہُ وَ یُحِبُّ اللہَ وَ رَسُوْلَہُ[19] کَرَّارٌ غَیْرُ فَرَّارٍ یَفْتَحُھَا اللہُ عَلیٰ یَدَیْہِ قَالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

فرمایا : تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ نے جنگ خیبر کے دن (لشکر اسلام کا) پرچم حضرت علی کے سپرد کیا اور فرمایا کہ میں پرچم اس شخص کے سپرد کر رہا ہوں جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہیں اور وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔ ایسا حملہ کرنے والا (کرار) ہے کہ کبھی پلٹتا نہیں ہے (غیرفرار) اور خدا قلعہ خیبر کو اس کے ہاتھوں فتح کرائے گا۔(سامعین نے) کہا: بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ بَعَثَہُ بِبَرَائَۃٍ وَ قَالَ : لاٰ یَبْلُغُ عَنِیّ اِلاّٰ انا اَوْ رَجُلٌ مِنِّی[20] قَالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ نے علی کو سورۂ برائت دے کر بھیجا اور فرمایا کہ میرا پیغام پہنچانے کا کام خود میرے یا ایسے شخص کے علاوہ جو مجھ سے ہو اور کوئی انجام نہیں دے سکتا۔ (سامعین نے) کہا: بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ - صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - لَمْ تَنْزِلْ بِہِ شِدَّۃٌ قَطُّ اِلاّٰ قَدَّمَہُ لَھَا ثِقَۃً بِہِ وَ اَنَّہُ لَمْ یَدْعُہُ بِاسْمِہِ قَطُّ اِلاٰ یَقُوْلُ یَا اَخِیْ وَ ادْعُوْا لِیْ اَخِیْ قَالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ کو جب کبھی کوئی مشکل پیش آتی تھی تو آنحضرت حضرت علی پر اپنے خاص اعتماد کی وجہ سے انہیں آگے بھیجتے تھے اور کبھی انہیں ان کے نام سے نہیں پکارتے تھے ، بلکہ اے میرے بھائی کہہ کر مخاطب کرتے تھے ۔ (سامعین نے) کہا : بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ - صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - قَضٰی بَیْنَہُ وَ بَیْنَ جَعْفَرٍ وَ زَیْدٍ فَقَالَ : یَا عَلِیُّ اَنْتَ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْکَ وَ اَنْتَ وَلِیُّ کُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِیْ[21] قَالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ نے علی، جعفر اور زید کے درمیان فیصلہ سناتے وقت فرمایا : اے علی! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں اور میرے بعد تم تمام مومنوں کے ولی اور سرپرست ہو گے۔ (سامعین نے) کہا :بارالہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ کَانَتْ لَہُ مِنْ رَسُوْلِ اللہِ - صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - کُلَّ یَوْمٍ خَلْوَۃٌ وَ کُلَّ لَیْلَۃٍ دَخْلَۃٌ اِذا سَئَلَہُ اَعْطَاہُ وَ اِذَا سَکَتَ أَبْدَاہُ[22] قَالُوْا : اَللّٰھُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ (حضرت علی) ہر روز، ہرشب تنہائی میں رسول اللہ سے ملاقات کرتے تھے۔ اگر علی سوال کرتے تو نبی اکرم اس کا جواب دیتے اور اگر علی خاموش رہتے تو نبی خود سے گفتگو کا آغاز کرتے۔ (سامعین نے) کہا: بارالٰہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - فَضَّلَهُ عَلیٰ جَعْفَرٍ وَ حَمْزَةٍ حِيْنَ قَالَ : لِفَاطِمَةَ - عَلَيْهَا السَّلَامُ - زَوَّجْتُکِ خَیْرَ اَهْلَ بَيْتِیْ اَقْدَمَهُمْ سِلْماً وَ اَعْظَمُهُمْ حِلْماً وَ اَكْثَرُهُمْ عِلْماً [23] قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا تمہیں علم ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس موقع پر حضرت علی کو جعفر طیار اور حمزہ (سید الشہدا) پر فضیلت دی ،جب حضرت فاطمہ سے مخاطب ہو کر فرمایا : میں نے اپنے خاندان کے بہترین شخص سے تمہاری شادی کی ہے ، جو سب سے پہلے

اسلام لانے والا، سب سے زیادہ حلیم وبردبار اور سب سے بڑھ کر علم و فضل کا مالک ہے۔(سامعین نے) کہا: بارالٰہا! ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - قَالَ : اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ بَنِیْ آدَمَ وَ اَخِیْ عَلِیٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ[24] وَ فَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ[25] وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ [26] قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : میں تمام اولاد آدم کا سیدوسردار ہوں ، میرا بھائی علی عربوں کا سردار ہے، فاطمہ تمام اہل جنت خواتین کی رہبر ہیں اور میرے بیٹے حسن و حسین جوانان جنت کے سردار ہیں۔ (سامعین نے) کہا:

بارالٰہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - اَمَرَهُ بِغُسْلِهِ وَ اَخْبَرَهُ اَنَّ جَبْرَئِيْلَ يُعِيْنُهُ عَلَيْهِ قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا :کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ نے حضرت علی کو حکم دیا کہ وہی ان کے جسد اقدس کو غسل دیں اور فرمایا کہ جبرئیل اس کام میں ان کے معاون و مددگار ہوں گے۔ (سامعین نے)کہا: بارالٰہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

قَالَ : اَ تَعْلَمُوْنَ اَنّ رَسُوْلَ اللهِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہِ - قَالَ فِیْ آخِرِ خُطْبَةٍ خَطَبَهَا اِنِّیْ تَرَكْتُ فِيْكُمُ الثِّقْلَيْنِ كِتَابَ اللهِ وَ اَهْلَ بَيْتِی فَتَمَسَّكُوْا بِهِمَا لَنْ تَضِلُّوْا [27] قَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ

فرمایا : کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ نے اپنے آخری خطبے میں فرمایا : میں تمہارے درمیان دو گرانقدر امانتیں چھوڑے جا رہا ہوں ۔ اللہ کی کتاب اور میرے اہل بیت۔ ان دونوں کومضبوطی سے تھامے رہو تاکہ گمراہ نہ ہو جاؤ۔ (سامعین نے) کہا: باراِلہا ! ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

ثُمَّ نَاشَدَهُمْ اَنَّهُمْ قَدْ سَمِعُوْهُ يَقُوْلُ مَنْ زَعَمَ اَنَّهُ يُحِبُّنِيْ وَ يُبْغِضُ عَلِيّاً فَقَدْ كَذِبَ لَيْسَ يُحِبُّنِی وَ يُبْغِضُ عَلِيّاً فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ : يَا رَسُوْلَ اللهِ وَ كَيْفَ ذٰلِكَ؟ قَالَ : لِاَنَّهُ مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُ مَنْ اَحَبَّهُ فَقَدْ اَحَبَّنِيْ وَ مَنْ اَحَبَّنِيْ فَقَدْ اَحَبَّ اللهَ وَ مَنْ اَبْغَضَهُ فَقَدْ اَبْغَضَنِيْ وَ مَنْ اَبْغَضَنِيْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللهَ [28] فَقَالُوْا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَدْ سَمِعْنَا ...

(اس کے بعد جب امیر المومنین کے فضائل پر مشتمل امام کی گفتگو اختتام کو پہنچنے لگی

تو) آپ نے سامعین کو خدا کی قسم دے کر کہا کہ کیا انہوں نے رسول اللہ سے یہ سنا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا : جو یہ دعوی کرے کہ وہ مجھ سے محبت کرتا ہے، جبکہ علی کا بغض اس کے دل میں ہوتو وہ جھوٹا ہے، ایسا شخص جو علی سے بغض رکھتا ہو، مجھ سے محبت نہیں رکھتا۔ (اس موقع پر) کسی کہنے والے نے کہا کہ یا رسول اللہ یہ کیسے ہو سکتا ہے ؟رسول اللہ نے فرمایا : کیونکہ وہ (علی)مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ جس نے علی سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی اور جس نے علی سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے مجھ سے دشمنی کی اس نے اللہ سے دشمنی کی ۔ (سامعین نے) کہا: باراِلہا !ہم تجھے گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ ہاں! ایسا ہی تھا۔

سلیم بن قیس کہتے ہیں : امام حسین نے اس موقع پر مذکورہ بالا فضائل کے علاوہ بھی حضرت علی اور خاندان علی کے بارے میں قرآن میں ذکر ہونے والے یانبی اکرم سے سنے جانے والے متعدد فضائل بیان کئے اور حاضرین میں سے جو لوگ رسول کے صحابی تھے وہ کہتے تھے خدا کی قسم ہم نے خودنبی اکرم سے سنا ہے اور جو تابعین تھے وہ کہتے تھے ہم نے بھی یہ فضیلت فلاں معتبر اور قابل اعتماد صحابی سے سنی ہے۔

امام حسین نے منی میں جو خطبہ ارشاد فرمایا اور جسے سلیم بن قیس نے نقل کیا ہے، اس کا پہلا حصہ یہاں ختم ہوا اور جیسا کہ آپ نے ملاحظہ فرمایا خطبے کا یہ حصہ حضرت علی کے فضائل پر مشتمل تھا اور ان میں سے ہر ایک فضیلت اہل سنت کی معتبر کتب حدیث میں انہی کے راویوں کے توسط سے رسول اللہ سے منقول ہے اور ہم نے ان فضائل میں سے اکثر کے حوالہ جات اہل سنت کی معتبر صحاح ستہ (چھے معتبر کتابوں) اور دیگر مستند کتب سے نقل کر کے حاشیے (Foot Note) میں تحریر کئے ہیں۔

چونکہ اس حصے میں مزید کسی تشریح کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی لہذا اب خطبے کے دوسرے حصے کی طرف آتے ہیں۔

خطبے کے دوسرے حصے کا متن

(امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی دعوت)

جیسا کہ پہلے بھی بیان ہوا، یہ خطبہ تین علیحدہ علیحدہ حصوں پر مشتمل ہے۔ ترجمے اور اصل عبارت کو ایک دوسرے سے نزدیک رکھنے کی غرض سے، ہم پہلے حصے کی طرح اس حصے اور اگلے حصے کو بھی علیحدہ علیحدہ درج کریں گے، اگرچہ حدیث کی اکثر کتابوں میں یہ دونوں حصے ایک ساتھ ملا کر نقل کئے گئے ہیں۔ امام نے فرمایا :

اِعْتَبِرُوْا اَیُّھا النّٰاسُ بِمٰا وَعَظَ اللّٰهُ بِهِ اَوْلِیٰائَهُ مِنْ سُوْءِ ثَنٰائِهِ عَلیٰ الاَحْبٰارِ اِذْ یَقُوْلُ : لَوْلاٰ یَنْهٰاهُمُ الرَّبّٰانِیُّوْنَ وَ الاَحْبٰارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الاِثْمَ وَ قٰالَ : لُعِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ بَنِی اِسْرٰائِیْلَ - اِلٰی قَوْلِهِ - لَبِئْسَ مٰا کٰانُوْا یَفْعَلُوْنَ وَ اِنَّمٰا عٰابَ اللّٰهُ ذٰلِکَ عَلَیْهِم لاَنَّهُمْ کٰانُوْا یَرَونَ مِنَ الظَّلَمَةِ الَّذِیْنَ بَیْنَ اَظْهَرِهِمُ الْمُنْکَرَ وَ الْفَسٰادَ فَلاٰ یَنْهَوْنَهُمْ عَنْ ذٰلِکَ رَغْبَةً فیمٰا کٰانُوْا یَنٰالُوْنَ مِنْهُمْ وَ رَهْبَةً مِمّٰا یَحْذَرُوْنَ وَ اللّٰهُ یَقُوْلُ : فَلاَ تَخْشَوُا النّٰاسَ وَ اخْشَوْنِ وَ قٰالَ : الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنٰاتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیآءُ بَعْضٍ یامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ یَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ فَبَدَءَ اللّٰهُ بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّهْیِ عَنِ الْمُنْکَرِ فَرِیضَةً مِنْهُ لِعِلْمِهِ بِاَنَّهٰا اِذٰا اُدِّیَتْ وَ اُقِیْمَتْ اِسْتَقٰامَتِ الْفَرٰائِضُ کُلُّهٰا هَیِّنُهٰا وَ صَعْبُهٰا وَ ذٰلِکَ أَنَّ الاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّهْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ دُعٰاءٌ اِلیٰ الاِسْلاٰمِ مَعَ رَدِّ الْمَظٰالِمِ وَ مُخٰالَفَةِ الظّٰالِمِ وَ قِسْمَةِ الْفَیءِ وَ الْغَنٰائِمِ وَ اَخْذِ الصَّدَقٰاتِ مِنْ مَوٰاضِعِهٰا وَ وَضْعِهٰا فی حَقِّهٰا

وضاحت

((تحف العقول)) کے مصنف نے یہ خطبہ نقل کرتے ہوئے کہا ہے : ویروی عن امیر المومنین علیہ السلام۔ یعنی امام حسین علیہ السلام کے خطبے کا یہ حصہ (جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے بارے میں ہے) امیر المومنین حضرت علی سے بھی نقل ہوا ہے۔

جیسا کہ خطبے کے تیسرے اور آخری حصے میں ہم اشارہ کریں گے، اس حصے کے بعض جملات بھی امیر المومنین کے خطبات اور بیانات میں موجود ہیں اور موضوع کی اہمیت اور نزاکت کے پیش نظر امام حسین نے اپنے خطبے اور تقریر میں ان سے استفادہ کیا ہے اور((تحف العقول)) کے مصنف کی بات کی بنیاد پریہ بھی ممکن ہے کہ اس خطبے کا وہ حصہ درحقیقت امیر المومنین ہی کا کلام ہو

جس سے ان کے محترم فرزند امام حسین نے امربالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت اور اس کی عظمت کو بیان کرنے کی غرض سے استفادہ کیا ہو۔ لیکن ہم نے خطبے کے اس حصے کے براہ راست امیر المومنین سے استناد کے بارے میں ((تحف العقول)) کے سوا حدیث کی کسی اور معتبر کتاب میں نہیں دیکھا۔

اہم الفاظ کی تشریح

اِعتَبِروا اَیُّھا النّاسُ : اس طرح کچھ خاص افراد ، اس محفل میں موجود حاضرین یا حتیٰ صرف اس زمانے کے افراد مخاطب نہیں ہیں بلکہ اس خطاب میں وہ تمام انسان شامل ہیں جو کسی بھی زمانے میں اور دنیا کے کسی بھی گوشے میں اس خطاب کو سنیں۔ یہ بالکل یا ایھا الناس کی مانند ہے، جس کے ذریعے قرآن مجید میں بارہا اور متعدد مقامات پر خطاب کیا گیا ہے۔

اولیاء :یہاں اولیاء سے مراد وہ افراد ہیں جو اللہ تعالیٰ کی جانب توجہ رکھتے ہیں اور ساتھ ہی معاشرے میں بھی ذمے دار مقام کے حامل ہوتے ہیں کیونکہ اگر یہ معاشرے میں کسی مقام پرفائز نہ ہوں تو اہم اور مشکل ذمے داریوں کی ادائیگی کی ان سے توقع نہیں کی جا سکتی۔

احبار : صالح علما۔

ربانی : خدا پرست شخص جو خدا پر اعتقاد رکھنے کے ساتھ ساتھ خداوند متعال کے احکام کا علم بھی رکھتا ہو اور اس کے حلال و حرام کی پابندی کرتا ہو۔

امام حسین علیہ السلام نے جس آیتِ کریمہ کا ذکر کیا ہے، اگرچہ اس میں یہودی علما اورمذہبی رہنماؤں کی سرزنش کی گئی ہے لیکن یہاں باشعور قاری کے لئے اس وضاحت کی ضرورت نہیں کہ یہ مذمت اور سرزنش صرف یہودی علما یا عیسائی رہبروں کے لئے مخصوص نہیں ہے بلکہ (اگر یہودی علما کے سے اعمال انجام دیں تب) تمام دینی رہبر اور حتیٰ مسلم علما بھی اس میں شامل ہیں۔ کیونکہ کسی بھی دین اور مذہب سے تعلق رکھنے والے علما کی اپنے فریضے سے غفلت ، کوتاہی اور بے جا خاموشی عام افراد کے گناہ اور نافرمانی کے مرتکب ہونے کی مانند نہیں ، کیونکہ علما کی خاموشی اور بے عملی کے نتیجے میں دین کی بنیادوں کو نقصان پہنچتا ہے (جبکہ عام افراد کے گناہ فقط خود ان کی اپنی ذات کو نقصان پہنچاتے ہیں)۔

قول اثم :گناہ آلود باتیں۔ جس میں جھوٹ، تہمت ، حقائق کی تحریف وغیرہ سب شامل ہیں۔

اکل سحت : حرام خوری۔

باوجود یہ کہ تمام گناہوں اور منکرات سے روکا گیا ہے لیکن اس آیتِ کریمہ میں قول اثم واکل سحت پر زور دیا گیا ہے، تاکہ یہ بتایا جائے کہ یہ دو گناہ تمام گناہوں سے زیادہ خطرناک ہیں ۔لہذا ہر گناہ سے زیادہ ان کی مخالفت اور ان سے مقابلہ کیا جائے کیونکہ بسا اوقات دشمنوں کی جھوٹی باتیں اور ان کا مذموم پروپیگنڈہ (جو قول اثم کا ایک اہم ترین مصداق ہے) اسلام اور مسلمانوں کے لئے کسی بھی اور چیز کے مقابلے میں زیادہ خطرناک اور تباہ کن ثابت ہوتا ہے۔

اکل سحت یا حرام خوری سے بھی اس کا صرف انفرادی اور جزی پہلو مراد نہیں ہے ، بلکہ یہ وسیع پہلوؤں کی حامل ہے جس میں (آج کی دنیا کے لحاظ سے) نقصان دہ برآمدات اور درآمدات، غیر قانونی طریقوں سے ملک کی معیشت پر قابض ہو جانا وغیرہ بھی شامل ہیں اور یقینا اس قسم کی اکل سحت کے نقصانات جوئے اور ناپ تول میں ڈنڈی مارنے جیسی انفرادی حرام خوریوں کے نقصانات سے کہیں زیادہ ہیں۔

اس حصے کے جملوں کا علیحدہ علیحدہ ترجمہ

اِعْتَبِرُوْا اَیُّها النّٰاسُ بِمٰا وَعَظَ اللّٰہُ بِهِ اَوْلِیٰائَهُ مِنْ سُوْءِ ثَنٰائِهِ عَلیٰ الاَحْبٰارِ اِذْ یَقُوْلُ : لَوْلاٰ یَنْهٰاهُمُ الرّبّٰانِیُّوْنَ وَ الاَحْبٰارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

۱۔ اس خطبے کے دوسرے اور تیسرے حصے کے ترجمے اور تشریح میں امام خمینیؒ کی کتاب ولایت فقیہ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

الاِثْمَ [29] وَ قٰالَ : لُعِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ بَنِی اِسْرٰائِیْلَ - اِلٰی قَوْلِهِ- لَبِئْسَ مٰا کٰانُوْا یَفْعَلُوْنَ[30]

اے لوگو! اللہ تعالی نے علمائے یہود کی سرزنش کر کے اپنے اولیاء کو جو نصیحت کی ہے،

اس سے عبرت حاصل کرو ۔اللہ تعالی نے فرمایا :یہودی علما اور دینی رہنما انہیں گناہ آلود باتوں اور حرام خوری سے کیوں نہیں روکتے؟ اور فرمایا : بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں

نے کفر اختیار کیا، انہیں لعن اور نفرین کی گئی ہے۔ (یہاں تک کہ) فرمایا : وہ ایک دوسرے کو برے اعمال کی انجام دہی سے منع نہیں کرتے تھے اور وہ کتنا برا کام کرتے تھے۔

وَ اِنَّمَا عَابَ اللهُ ذٰلِکَ عَلَيْهِم لاَنَّهُمْ كَانُوْا يَرَونَ مِنَ الظَّلَمَةِ الَّذِيْنَ بَيْنَ اَظْهَرِهِمُ الْمُنْكَرَ وَ الْفَسَادَ فَلاَ يَنْهَوْنَهُمْ عَنْ ذٰلِکَ رَغْبَةً فِيمَا كَانُوْا يَنَالُوْنَ مِنْهُمْ وَ رَهْبَةً مِمَّا يَحْذَرُوْنَ وَ اللهُ يَقُوْلُ : فَلاَ تَخْشَوُا النَّاسَ وَ اخْشَوْنِ [31] وَ قَالَ : الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ [32]

درحقیقت اللہ تعالیٰ نے اس لئے انہیں برا قرار دیا ہے کہ وہ اپنی آنکھوں سے یہ دیکھنے کے باوجود کہ ظالمین کھلم کھلا برائیوں کو پھیلا رہے ہیں ، انہیں (ظالموں کو) اس عمل سے باز رکھنے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔ کیونکہ انہیں،ان ظالموں کی طرف سے ملنے والے مال و متاع سے دلچسپی تھی اور ان کی طرف سے (پہنچ سکنے والی) سختیوں سے خوفزدہ تھے۔ جبکہ خداوند متعال کا ارشاد ہے کہ: لوگوں سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔ اور پروردگار نے فرمایا ہے: مومنین اور مومنات ایک دوسرے کے دوست اور سرپرست ہیں، اچھائیوں کا حکم دیتے ہیں اور برائیوں سے روکتے ہیں ۔

فَبَدَءَ اللهُ بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ فَرِيضَةً مِنْهُ لِعِلْمِهِ بِاَنَّهَا اِذَا اُدِّيَتْ وَ اُقِيْمَتْ اِسْتَقَامَتِ الْفَرائِضُ كُلُّهَا هَيِّنُهَا وَ صَعْبُهَا وَ ذٰلِکَ أَنَّ اْلاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّهْىَ عَنِ الْمُنْكَرِ دُعَاءٌ اِلىٰ اْلاِسْلاَمِ مَعَ رَدِّ الْمَظَالِمِ وَ مُخَالَفَةِ الظَّالِمِ وَ قِسْمَةِ الْفَيءِ وَ الْغَنَائِمِ وَ اَخْذِ الصَّدَقَاتِ مِنْ مَوَاضِعِهَا وَ وَضْعِهَا فِی حَقِّهَا

(اس آیتِ کریمہ میں مومنین کی صفات بیان کرتے ہوئے)اللہ تعالیٰ نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے آغاز کیا اور اسے اپنی طرف سے واجب قرار دیا کیونکہ پروردگار جانتا ہے کہ اگر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر انجام پائے اور معاشرے میں برقرار رکھا جائے تو تمام واجبات، خواہ وہ آسان ہوں یا مشکل، خودبخود انجام پائیں گے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کو اسلام کی دعوت دی جائے اور ساتھ ہی مظلوموں کو انکے حقوق لوٹائے جائیں، ظالموں کی مخالفت کی جائے ،عوامی دولت اور مال غنیمت عادلانہ نظام کے تحت تقسیم ہو، اور صدقات (یعنی زکات اور دوسرے واجب اور مستحب مالیات) کو صحیح مقامات سے وصول کر کے حقداروں پر خرچ کیا جائے۔

یہاں پہنچ کر خطبے کا دوسرا حصہ ختم ہوتا ہے اور آئندہ صفحات میں خطبے کے تیسرے حصے کا ترجمہ پیش کیا جائے گا۔

خطبے کے تیسرے حصے کا متن

(علما کی ذمے داریوں کا بیان)

امام نے فرمایا:

ثُمَّ اَنْتُمْ أَيَّتُها الْعِصابَةُ عِصابَةٌ بِالْعِلْمِ مَشْهُوْرَةٌ وَ بِالْخَيْرِ مَذْكُوْرَةٌ وَ بِالنَّصِيْحَةِ مَعْرُوْفَةٌ وَ بِاللّهِ فِى اَنْفُسِ النّاسِ مَهابَةٌ يَهابُكُمُ الشَّرِيفُ وَ يُكْرِمُكُمُ الضَّعِيفُ وَ يُؤْثِرُكُمْ مَنْ لاٰ فَضْلَ لَكُمْ عَلَيْهِ وَ لاٰ يَدَ لَكُمْ عِنْدَهُ تُشَفِّعُوْنَ فِى الْحَوائِجِ اِذٰا امْتُنِعَتْ مِنْ طُلاّبِها وَ تَمْشُوْنَ فِى الطَّرِيْقِ بِهَيْبَةِ الْمُلُوْكِ وَ كَرامَةِ الْاَكابِرِ ، اَلَيْسَ كُلَّ ذٰلِكَ اِنَّما نِلْتُمُوهُ بِما يُرْجٰى عِنْدَكُمْ مِنَ الْقِيامِ بِحَقِّ اللّهِ وَ اِنْ كُنْتُمْ عَنْ اَكْثَرِ حَقِّهِ تُقَصِّرُوْنَ فَاسْتَخْفَفْتُمْ بِحَقِّ الْاَئِمَّةِ فَاَمّا حَقَّ الضُّعَفاءِ فَضَيَّعْتُمْ وَ اَمّا حَقَّكُمْ بِزَعْمِكُمْ فَطَلَبْتُمْ فَلاٰ مالاً بَذَلْتُمُوْهُ وَ لاٰ نَفْساً خاطَرْتُمْ بِها لِلَّذِى خَلَقَها وَ لاٰ عَشِيْرَةً عادَيْتُمُوْها فِى ذٰاتِ اللّهِ

اَنْتُمْ تَتَمَنَّوْنَ عَلَىَ اللّهِ جَنَّتَهُ وَ مُجاوَرَةَ رُسُلِهِ وَ اَماناً مِنْ عَذٰابِهِ لَقَدْ خَشِيْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّها الْمُتَمَنُّوْنَ عَلَىَ اللّهِ اَنْ تَحِلَّ بِكُمْ نِقْمَةٌ مِنْ نَقِماتِهِ لاَنَّكُمْ بَلَغْتُمْ مِنْ كَرامَةِ اللّهِ مَنْزِلَةً فُضِّلْتُمْ بِها وَ مَنْ يُعْرَفُ بِاللّهِ لاٰ تُكْرِمُوْنَ وَ اَنْتُمْ بِاللّهِ فِى عِبادِهِ تُكْرَمُوْنَ وَ قَد تَرَوْنَ عُهودَ اللّهِ مَنْقُوْضَةً فَلاٰ تَفْزَعُوْنَ وَ اَنْتُمْ لِبَعْضِ ذِمَمِ آبائِكُمْ تَفْزَعُوْنَ وَ ذِمَّةُ رَسُوْلِ اللّهِ مَخْفُوْرَةٌ مَحْقُوْرَةٌ وَ الْعُمْىُ وَ الْبُكْمُ وَ الزَّمْنىٰ فِى الْمَدائِنِ مُهْمَلَةٌ لاٰ تُرْحَمُوْنَ وَ لاٰ فِى مَنْزِلَتِكُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ لاٰ مَنْ عَمِلَ فِيها تُعِيْنُوْنَ

وَ بِالاِدِّهانِ وَ الْمُصانَعَةِ عِنْدَ الظَّلَمَةِ تامَنُوْنَ كُلُّ ذٰلِكَ مِمّا اَمَرَكُمُ اللّهُ بِهِ مِنَ النَّهْيِ وَ التَّناهِى وَ اَنْتُمْ عَنْهُ غافِلُوْنَ وَ اَنْتُمْ اَعْظَمُ النّاسِ مُصِيْبَةً لِما غُلِبْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ مَنازِلِ الْعُلَماءِ لَوْ كُنْتُمْ تَشْعُرُوْنَ ذٰلِكَ بِاَنَّ مَجارِىَ الْاُمُوْرِ وَ الْاَحْكامِ عَلىٰ اَيدي الْعُلَماءِ بِاللّهِ الْاُمَناءِ عَلىٰ حَلالِهِ وَ حَرامِهِ فَاَنْتُمُ الْمَسْلُوْبُوْنَ تِلْكَ الْمَنْزِلَةَ وَ ما سُلِبْتُمْ ذٰلِكَ اِلاّ بِتَفَرُّقِكُمْ عَنِ الْحَقِّ وَ اخْتِلافِكُمْ فِى السُّنَّةِ بَعْدَ الْبَيِّنَةِ الْواضِحَةِ وَ لَوْ صَبَرْتُمْ عَلىٰ الاَذىٰ وَ تَحَمَّلْتُمُ الْمَؤُوْنَةَ فِى ذٰاتِ اللّهِ كانَتْ اُمُوْرُ اللّهِ عَلَيْكُمْ تَرِدُ وَ عَنْكُمْ تَصْدُرُ وَ اِلَيْكُمْ تَرْجِعُ وَ لَكِنَّكُمْ مَكَّنْتُمُ الظَّلَمَةَ مِنْ مَنْزِلَتِكُمْ وَ اسْتَسلَمتُم اُمُوْرَ اللّهِ فِى اَيْدِيْهِمْ يَعْمَلُوْنَ بِالشُّبُهاتِ وَ يَسِيْرُوْنَ فِى الشَّهَواتِ سَلَّطَهُمْ عَلىٰ ذٰلِكَ فِرارُكُمْ مِنَ الْمَوْتِ وَ اِعْجابُكُمْ بِالْحَياتِ الَّتِى هِىَ مُفارِقَتُكُمْ فَاَسْلَمْتُمُ الضُّعَفاءَ فِى اَيْدِيهِمْ فَمِنْ بَيْنِ مُسْتَعْبَدٍ مَقْهُوْرٍ وَ بَيْنِ مُسْتَضْعَفٍ عَلىٰ مَعِيْشَتِهِ مَغْلُوْبٍ يَتَقَلَّبُوْنَ فِى الْمُلْكِ بِآرائِهِمْ وَ يَسْتَشْعِرُوْنَ الْخِزْىَ بِاَهْوائِهِمْ اِقْتِداءً بِالاَشْرارِ وَ جُرْأَةً عَلىٰ الْجَبّارِ فِى كُلِّ بَلَدٍ مِنْهُمْ عَلىٰ مِنْبَرِهِ خَطِيْبٌ مِصْقَعٌ فَالْاَرْضُ لَهُمْ شاغِرَةٌ وَ اَيدِيهِمْ فِيها مَبْسُوْطَةٌ وَ النّاسُ لَهُمْ خَوَلٌ لاٰيَدْفَعُوْنَ يَدَ لامِسٍ فَمِنْ بَيْنِ جَبّارٍ عَنِيْدٍ وَ ذِى سَطْوَةٍ عَلىٰ الضَّعْفَةِ شَدِيدٍ مُطاعٍ لاٰ يَعْرِفُ الْمُبْدِءُ المعِيدَ فَيا عَجَباً وَمالى لاأعْجَبُ وَالْأرضُ مِنْ غاشٍّ غَشُومٍ وَ مُتَصِدِّقٍ ظلومٍ وعامِلٍ عَلى المؤمنينَ بِهِمْ غَيْرُ رحيمٍ، فَاللّهُ الْحاكِمُ فيما فِيهِ تَنازَعْنا وَالْقاضى بِحُكْمِهِ فيما شجَرَ بَيْنَنا

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اَنَّهُ لَمْ یَکُنْ مٰا کٰانَ مِنّٰا تَنٰافُساً فی سُلْطٰانٍ وَ لاٰالْتِمٰاساً مِنْ فُضُولِ الْحُطٰامِ و لَکِنْ لِنُرِیَ الْمَعٰالِمَ مِنْ دِیْنِکَ وَنُظْهِرَ اْلاصْلاٰحَ فی بِلاٰدِکَ وَ یَأْمَنَ الْمَظْلُوْمُوْنَ مِنْ عِبٰادِکَ وَ یُعْمَلَ بِفَرٰائِضِکَ وَ سُنَنِکَ وَ اَحْکٰامِکَ فَاِنَّکُمْ اِنْ لاتَنْصُرُوْنٰا وَ تَنْصِفُوْنٰا قَوِیَ الْظَّلَمَةُ عَلَیْکُمْ وَ عَمِلُوْا فی اِطْفٰاءِ نُوْرِ نَبِیِّکُم وَ حَسْبُنٰا اللّٰهُ وَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْنٰا وَ اِلَیْهِ اَنَبْنٰا وَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ

اہم الفاظ کی تشریح

جیسا کہ ہم پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں کہ اس خطبے کے اس حصے کے بعض جملات کچھ فرق کے ساتھ امیر المومنین کے خطبوں میں بھی ملتے ہیں۔[33]

فاستخففتم بحق الائمة : کتاب ((تحف العقول))اور((وافی)) کے موجودہ نسخوں میں بحق الائمہ درج ہے۔ اس صورت میں امیر المومنین، امام حسن اور امام حسین کے حقوق کا غصب ہونا مرادہے۔ لیکن ممکن ہے کہ دراصل بحق الامہ ہو اور کتابت میں اضافہ ہو گیا ہو اور بعد میں آنے والا جملہ فاما حق الضعفاء بھی اس امکان کی تائید کرتا ہے۔ (امام خمینی نے اس جملے کا ترجمہ بحق الامہ کے تحت کیا ہے)

ومن یعرف باللہ لا تکرمون وانتم باللہ فی عبادہ تکرمون :جملے کی ابتداء میں آنے والا یعرف اور آخر میں آنے والا تکرمون دونوں مجہول کے صیغے ہیں جبکہ درمیان میں آنے والا لاتکرمون معلوم کا صیغہ ہے۔ یعنی بندگان خدا ، اللہ والا ہونے کی بنا پر تمہارا احترام کرتے ہیں لیکن تم ان لوگوں کا احترام نہیں کرتے جو اللہ کی معرفت کے لئے مشہور ہیں۔

العمی و البکم والزمنی : تینوں الفاظ بالترتیب أعمی، ابکم اور زمن کی جمع ہیں۔

لاترحمون اور غلبتم به : مجہول کے صیغے ہیں۔

مجاری الا مور والا حکام علی ایدی العلماء باللہ الا مناء علی حلا له و حرامه : مجاری، مجری کی جمع مصدر میمی یا پھر اسم مکان ہے۔ یعنی مسلمانوں اور مملکت اسلامی کے مختلف امور و معلات میں مرکزی مقام علما کو حاصل ہونا چاہئے اور مسلمانوں کے مابین پھوٹ پڑنے والے تنازعات کا حل و فصل ان ربانی علما کے احکام کے مطابق ہونا چاہئے ،جو حلال و حرام الٰہی کے امین اور آسمانی قوانین کو تحریف و تبدیلی سے محفوظ رکھنے والے ہوں۔

یہ جملہ ولایت فقیہ کوثابت کرنے والے ان بے شمار دلائل میں سے ایک دلیل ہے جنہیں بزرگ شیعہ علماء اور فقہاء نے ذکر کیا ہے۔

والارض لھم شاغرہ : عرب کہتے ہیں شغرت الارض یعنی اس سرزمین کا کوئی محافظ و نگہبان نہیں ہے۔

خطیب مصقع :(میم پر زیر اور باقی حروف پر زبر)۔ بلند آواز والے خطیب کو کہتے ہیں۔ عصر حاضر میں دشمنوں کے ہاتھوں میں موجود ذرائع ابلاغ جیسے ریڈیو، ٹیلی ویژن وغیرہ اسکے نمایاں مصداق ہیں۔

اس حصے کے جملوں کا علیحدہ علیحدہ ترجمہ

ثُمَّ اَنْتُمْ أَيَّتُها الْعِصٰابَةُ عِصٰابَةٌ بِالْعِلْمِ مَشْهُوْرَةٌ وَ بِالْخَيْرِ مَذْكُوْرَةٌ وَ بِالنَّصِيْحَةِ مَعْرُوْفَةٌ وَ بِاللّٰهِ فِى اَنْفُسِ النّٰاسِ مَهٰابَةٌ يَهٰابُكُمُ الشَّرِيفُ وَ يُكْرِمُكُمُ الضَّعِيفُ وَ يُؤْثِرُكُمْ مَنْ لاٰ فَضْلَ لَكُمْ عَلَيْهِ وَ لاٰ يَدَ لَكُمْ عِنْدَهُ تُشَفِّعُوْنَ فِى الْحَوٰائِجِ اِذٰا امْتُنِعَتْ مِنْ طُلاّٰبِهٰا وَ تَمْشُوْنَ فِى الطَّرِيْقِ بِهَيْبَةِ الْمُلُوْكِ وَ كَرٰامَةِ الْاَكٰابِرِ ،

اے وہ گروہ جو علم وفضل کے لئے مشہور ہے، جس کاذکر نیکی اور بھلائی کے ساتھ کیا جاتا ہے ، وعظ و نصیحت کے سلسلے میں آپ کی شہرت ہے اور اللہ والے ہونے کی بنا پر لوگوں کے دلوں پر آپ کی ہیبت و جلال ہے ،یہاں تک کہ طاقتور آپ سے خائف ہے اور ضعیف و ناتواں آپ کا احترام کرتا ہے، حتیٰ وہ شخص بھی خود پر آپ کو ترجیح دیتا ہے جس کے مقابلے میں آپ کو کوئی فضیلت حاصل نہیں اور نہ ہی آپ اس پر قدرت رکھتے ہیں ۔جب حاجت مندوں کے سوال رد ہو جاتے ہیں تو اس وقت آپ ہی کی سفارش کارآمد ہوتی ہے (آپ کو وہ عزت و احترام حاصل ہے کہ) گلی کوچوں میں آپ کا گزر بادشاہوں کے سے جاہ و جلال اور اعیان و اشراف کی سی عظمت کے ساتھ ہوتا ہے۔

اَلَيْسَ كُلَّ ذٰلِكَ اِنَّمٰا نِلْتُمُوهُ بِمٰا يُرْجٰى عِنْدَكُمْ مِنَ الْقِيٰامِ بِحَقِّ اللّٰهِ وَ اِنْ كُنْتُمْ عَنْ اَكْثَرِ حَقِّهِ تُقَصِّرُوْنَ فَاسْتَخْفَفْتُمْ بِحَقِّ الْاَئِمَّةِ فَاَمّٰا حَقَّ الضُّعَفٰاءِ فَضَيَّعْتُمْ وَ اَمّٰا حَقَّكُمْ بِزَعْمِكُمْ فَطَلَبْتُمْ فَلاٰ مٰالاً بَذَلْتُمُوْهُ وَ لاٰ نَفْساً خٰاطَرْتُمْ بِهٰا لِلَّذِى خَلَقَهٰا وَ لاٰ عَشِيْرَةً عٰادَيْتُمُوْهٰا فِى ذٰاتِ اللّٰهِ

یہ سب عزت و احترام صرف اس لئے ہے کہ آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ الٰہی احکام کا اجراء کریں گے ،اگرچہ اس سلسلے میں آپ کی کوتاہیاں بہت زیادہ ہیں۔ آپ نے امت کے حقوق کو نظر انداز کر دیا ہے، (معاشرے کے) کمزور اوربے بس افراد کے

حق کو ضائع کردیا ہے اور جس چیز کو اپنے خیال خام میں اپنا حق سمجھتے تھے اسے حاصل کر کے بیٹھ گئے ہیں۔ نہ اس کے لئے کوئی مالی قربانی دی اور نہ اپنے خالق کی خاطر اپنی جان خطرے میں ڈالی اور نہ اللہ کی خاطر کسی قوم وقبیلے کا مقابلہ کیا۔

اَنْتُمْ تَتَمَنَّوْنَ عَلَیَ اللّٰہِ جَنَّتَہُ وَ مُجٰاوَرَۃَ رُسُلِہِ وَ اَمٰاناً مَنْ عَذٰابِہِ لَقَدْ خَشِیْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھا الْمُتَمَنُّوْنَ عَلَیَ اللّٰہِ اَنْ تَحِلَّ بِکُمْ نِقْمَۃٌ مِنْ نَقِمٰاتِہِ لاَنَّکُمْ بَلَغْتُمْ مِنْ کَرٰامَۃِ اللّٰہِ مَنْزِلَۃً فُضِّلْتُمْ بِھٰا وَ مَنْ یُعْرَفُ بِاللّٰہِ لاٰ تُکْرِمُوْنَ وَ اَنْتُمْ بِاللّٰہِ فی عِبٰادِہِ تُکْرَمُوْن

(اسکے باوجود) آپ جنت میں رسول اللہ کی ہم نشینی اور اللہ کے عذاب سے امان کے متمنی ہیں، حالانکہ مجھے تو یہ خوف ہے کہ کہیں اللہ کا عذاب آپ پر نازل نہ ہو،کیونکہ اللہ کی عزت و عظمت کے سائے میں آپ اس بلند مقام پر پہنچے ہیں، جبکہ آپ خود ان لوگوں کا احترام نہیں کرتے جو معرفت خدا کے لئے مشہور ہیں جبکہ آپ کو اللہ کے بندوں میں اللہ کی وجہ سے عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

وَ قَد تَرَوْنَ عُھودَ اللّٰہِ مَنْقُوْضَۃً فَلاٰ تَفْزَعُوْنَ وَ اَنْتُمْ لِبَعْضِ ذِمَمِ آبائِکُمْ تَفْزَعُوْنَ وَ ذِمَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَخْفُوْرَۃٌ مَحْقُوْرَۃٌ وَ الْعُمْیُ وَ الْبُکْمُ وَ الزَّمْنیٰ فی الْمَدائِنِ مُھْمَلَۃٌ لاٰ تُرْحَمُوْنَ وَ لاٰ فی مَنْزِلَتِکُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ لاٰ مَنْ عَمِلَ فیھٰا تُعِیْنُوْنَ وَ بالاِدِّھٰانِ وَ الْمُصٰانَعَۃِ عِنْدَ الظَّلَمَۃِ تامَنُوْنَ کُلُّ ذٰلِکَ مِمّٰا اَمَرَکُمُ اللّٰہُ بِہِ مِنَ النَّھْیِ وَ التَّناھی وَ اَنْتُمْ عَنْہُ غٰافِلُوْن

آپ دیکھتے رہتے ہیں کہ اللہ سے کئے ہوئے عہدو پیمان کو توڑاجا رہا ہے، اسکے باوجود آپ خوفزدہ نہیں ہوتے، اس کے برخلاف اپنے آباؤ اجداد کے بعض عہد وپیمان ٹوٹتے دیکھ کر آپ لرز اٹھتے ہیں ، جبکہ رسول اللہ کے عہد وپیمان[34] نظر انداز ہو رہے ہیں اور کوئی پروا نہیں کی جا رہی ۔ اندھے ، گونگے اور اپاہج شہروں میں لاوارث پڑے ہیں اور کوئی ان پر رحم نہیں کرتا۔ آپ لوگ نہ تو خود اپنا کردار ادا کر رہے ہیں اور نہ ان لوگوں کی مدد کرتے ہیں جو کچھ کر رہے ہیں۔ آپ لوگوں نے خوشامد اور چاپلوسی کے ذریعے اپنے آپ کو ظالموں کے ظلم سے بچایا ہوا ہے جبکہ خدا نے اس سے منع کیا ہے اور ایک دوسرے کو (بھی) منع کرنے کے لئے کہا ہے ۔اور آپ ان تمام احکام کو نظر انداز کئے ہوئے ہیں۔

وَ اَنْتُمْ اَعْظَمُ النّٰاسِ مُصِیْبَۃً لِمٰا غُلِبْتُمْ عَلَیْہِ مِنْ مَنٰازِلِ الْعُلَمٰاءِ لَوْ کُنْتُمْ تَشْعُرُوْنَ ذٰلِکَ بِاَنَّ مَجٰارِیَ الْاُمُوْرِ وَ الْاَحْکٰامِ عَلیٰ اَیدي الْعُلَمٰاءِ بِاللّٰہِ اْلاُمَنٰاءِ عَلیٰ حَلاٰلِہِ وَ حَرٰامِہِ فَاَنْتُمُ الْمَسْلُوْبُوْنَ تِلْکَ الْمَنْزِلَۃَ وَ مٰا سُلِبْتُمْ ذٰلِکَ اِلاّٰ بِتَفَرُّقِکُمْ عَنِ الْحَقّ وَ اخْتِلاٰفِکُمْ فی السُّنَّۃِ بَعْدَ الْبَیِّنَۃِ الْوٰاضِحَۃِ

آپ پر آنے والی مصیبت دوسرے لوگوں پر آنے والی مصیبت سے کہیں بڑی مصیبت ہے ، اس لئے کہ (اگر آپ سمجھیں تو) علما کے اعلٰی مقام و منزلت سے آپ کومحروم کر دیا گیا ہے ،کیونکہ مملکت کے نظم و نسق کی ذمہ داری علمائے الٰہی کے سپرد ہونی

چاہئے، جو اللہ کے حلال و حرام کے امانت دار ہیں۔ اور اس مقام و منزلت کے چھین لئے جانے کا سبب یہ ہے کہ آپ حق سے دور ہو گئے ہیں اور واضح دلائل کے باوجود سنت کے بارے میں اختلاف کا شکار ہیں۔

وَ لَوْ صَبَرْتُمْ عَلیٰ الاَذٰی وَ تَحَمَّلْتُمُ الْمَؤُوْنَۃَ فی ذٰاتِ اللّٰہِ کٰانَتْ اُمُوْرُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ تَرِدُ وَ عَنْکُمْ تَصْدُرُ وَ اِلَیْکُمْ تَرْجِعُ وَ لٰکِنَّکُمْ مَکَّنْتُمُ الظَّلَمَۃَ مِنْ مَنْزِلَتِکُمْ وَ اسْتَسلَمتُم اُمُوْرَ اللّٰہِ فی اَیْدِیْھِمْ یَعْمَلُوْنَ بالشُّبُھٰاتِ وَ یَسِیْرُوْنَ فی الشَّھَوٰاتِ

اگر آپ اذیت و آزار جھیلنے اور اللہ کی راہ میں مشکلات برداشت کرنے کے لئے تیار ہوتے تو احکام الٰہی (اجراء کے لئے) آپ کی خدمت میں پیش کئے جاتے، آپ ہی سے صادر ہوتے اور (معاملات میں) آپ ہی سے رجوع کیا جاتا لیکن آپ نے ظالموں اور جابروں کو یہ موقع دیا کہ وہ آپ سے یہ مقام و منزلت چھین لیں اور اللہ کے حکم سے چلنے والے امور (وہ امور جن میں حکم الٰہی کی پابندی ضروری تھی) اپنے کنٹرول میں لے لیں تاکہ اپنے اندازوں اور وہم و خیال کے مطابق فیصلے کریں اور اپنی نفسانی خواہشات کو پورا کریں۔

سَلَّطَھُمْ عَلیٰ ذٰلِکَ فِرٰارُکُمْ مِنَ الْمَوْتِ وَ اِعْجٰابُکُمْ بِالْحَیٰاتِ الَّتی ھِیَ مُفٰارِقَتُکُمْ فَاسْلَمْتُمْ الضُعَفٰاءَ فی اَیْدیھِمْ فَمِنْ بَیْنِ مُسْتَعْبَدٍ مَقْھُوْرٍ وَ بَیْنِ مُسْتَضْعَفٍ عَلیٰ مَعِیْشَتِہِ مَغْلُوْبٍ یَتَقَلَّبُوْنَ فی الْمُلْک بَآرٰائِھِمْ وَ یَسْتَشْعِرُوْنَ الْخِزْیَ بِاَھْوٰائِھِمْ اِقْتِدٰاءً بِالْاَشْرٰارِ وَ جُرْأَۃً عَلیٰ الْجَبّٰارِ

وہ حکومت پر قبضہ کرنے میں اس لئے کامیاب ہو گئے کیونکہ آپ موت سے ڈرکر بھاگنے والے تھے اور اس فانی اور عارضی دنیا کی محبت میں گرفتار تھے۔ پھر (آپ کی یہ کمزوریاں سبب بنیں کہ) ضعیف اور کمزور لوگ ان کے چنگل میں پھنس گئے اور (نتیجہ یہ ہے کہ) کچھ تو غلاموں کی طرح کچل دیئے گئے اور کچھ مصیبت کے ماروں کی مانند اپنی معیشت کے ہاتھوں بے بس ہو گئے۔ حکام اپنی حکومتوں میں خودسری، آمریت اور استبداد کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں ذلت وخواری کا سبب بنتے ہیں، بدقماش افراد کی پیروی کرتے ہیں اور پروردگار کے مقابلے میں گستاخی دکھاتے ہیں۔

فی کُلِّ بَلَدٍ مِنْھُمْ عَلیٰ مِنْبَرِہِ خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ فَالْاَرْضُ لَھُمْ شٰاغِرَۃٌ وَ اَیدیھِمْ فیھٰا مَبْسُوْطَۃٌ وَ النّٰاسُ لَھُمْ خَوَلٌ لاٰیَدْفَعُوْنَ یَدَ لاٰمِسٍ فَمِنْ بَیْنِ جَبّٰارٍ عَنِیْدٍ وَ ذی سَطْوَۃٍ عَلیٰ الضَّعْفَۃِ شَدِیدٍ مُطٰاعٍ لاٰ یَعْرِفُ الْمُبْدِءُ المعید

ہر شہر میں ان کا یک ماہر خطیب منبر پر بیٹھا ہے ۔ زمین میں ان کے لئے کوئی روک ٹوک نہیں ہے اور ان کے ہاتھ کھلے ہوئے ہیں (یعنی جو چاہتے ہیں کر گزرتے ہیں) عوام ان کے غلام بن گئے ہیں اور اپنے دفاع سے عاجز ہیں۔ حکام میں سے کوئی حاکم تو ظالم، جابر اور دشمنی اور عناد رکھنے والا ہے اور کوئی کمزوروں کو سختی سے کچل دینے والا ،ان ہی کا حکم چلتا ہے جبکہ یہ نہ خدا کو مانتے ہیں اور نہ روز جزا کو ۔

فَيا عَجَباً وَمٰالى لاأعْجَبُ وَالْأرضُ مِنْ غٰاشٍّ غَشُومٍ وَ مُتَصدّقٍ ظلومٍ وعامِلٍ عَلى المؤمنينَ بِهِمْ غَيْرُ رَحيمٍ، فَاللّٰهُ الْحٰاكِمُ فيما فيهِ تَنٰازَعْنٰا وَالْقٰاضى بِحُكْمِهِ فيما شجَرَ بَيْنَنا

تعجب ہے اور کیوں تعجب نہ ہو! ملک ایک دھوکے باز ستم کار کے ہاتھ میں ہے۔ اس کے مالیاتی عہدیدار ظالم ہیں اور صوبوں میں اسکے (مقرر کردہ) گورنر مومنوں کے لئے سنگ دل اور بے رحم۔ (آخر کار) اللہ ہی ان امور کے بارے میں فیصلہ کرے گا جن کے بارے میں ہمارے اور ان کے درمیان نزاع ہے اور وہی ہمارے اور ان کے درمیان پیش آنے والے اختلاف پر اپنا حکم صادر کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اَنَّهُ لَمْ یَکُنْ مٰا کٰانَ مِنّٰا تَنٰافُساً فی سُلْطٰانٍ وَ لاٰالْتِمٰاساً مِنْ فُضُولِ الْحُطٰامِ و لَکِنْ لِنُرِیَ الْمَعٰالِمَ مِنْ دِیْنِکَ وَنُظْهِرَ ٱلاصْلاٰحَ فی بِلاٰدِکَ وَ یَأْمَنَ الْمَظْلُوْمُوْنَ مِنْ عِبٰادِکَ وَ یُعْمَلَ بِفَرٰائِضِکَ وَ سُنَنِکَ وَ اَحْکٰامِکَ فَاِنَّکُمْ اِنْ لاتَنْصُرُوْنٰا وَ تَنْصِفُوْنٰا قَوِيَ الْظَّلَمَةُ عَلَیْکُمْ وَ عَمِلُوْا فی اِطْفٰاءِ نُوْرِ نَبِیِّکُم وَ حَسْبُنٰا اللّٰهُ وَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْنٰا وَ اِلَیْهِ اَنَبْنٰا وَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ

(امام نے اپنے خطاب کا اختتام ان الفاظ پر فرمایا)

بارالہا! تو جانتا ہے کہ جوکچھ ہماری جانب سے ہوا (بنی امیہ اور معاویہ کی حکومت کی مخالفت میں) وہ نہ تو حصول اقتدار کے سلسلے میں رسہ کشی ہے اورنہ ہی یہ مال دنیا کی افزوں طلبی کے لئے ہے بلکہ صرف اس لئے ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ تیرے دین کی نشانیوں کو آشکار کر دیں اور تیری مملکت میں اصلاح کریں ، تیرے مظلوم بندوں کو امان میسر ہو اور جو فرائض ، قوانین اور احکام تو نے معین کئے ہیں ان پر عمل ہو۔ اب اگر آپ حضرات (حاضرین سے خطاب) نے ہماری مدد نہ کی اور ہمارے ساتھ انصاف نہ کیا تو ظالم آپ پر (اور زیادہ) چھا جائیں گے اور((نور نبوت)) کو بجھانے میں اور زیادہ فعال ہو جائیں گے۔ ہمارے لئے تو بس خدا ہی کافی ہے، اسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف ہماری توجہ ہے اور اسی کی جانب پلٹنا ہے۔

یہ وہ خطبہ تھا جو امام حسین علیہ السلام نے منیٰ میں ارشاد فرمایا اور تمام حاضرین کو تاکید ی حکم دیا کہ یہ پیغام دوسروں تک پہنچانے کی حتی الامکان کوشش کریں تاکہ رفتہ رفتہ تمام مسلمان، پیکر اسلام کو پہنچنے والے ان نقصانات سے آگاہ ہو جائیں جن کے نتیجے میں اسلام کی اساس کو خطرہ لاحق ہے۔

اس خطبے میں موجود اہم نکات اور نتائج

امام حسین علیہ السلام نے اس خطبے میں امیر المومنین علیہ السلام کی شہادت کے بعد مختلف معاشرتی اور مذہبی پہلوؤں نیز اسلامی معاشرے پر معاویہ ابن ابی سفیان کے اقتدار کے اسباب اور ان وجوہات کا ذکر کیا ہے جن کے سبب مسلمانوں کے معللات معاویہ کے ہاتھوں میں آ گئے۔ اس کے بعدآپ نے اسلام کے مستقبل کے لئے نقصان دہ خطرات کی جانب اشارہ کیا ، اور مسلمانوں کو خبردار کیا کہ اگر اب بھی وہ خاموش اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہے اور عمائدین قوم، اور ملت کے باشعور افراد نے ہوش کے ناخن نہ لئے اور اپنی ذمے داریوں کو ادا نہ کیا تو نہ صرف یہ کہ نور نبوت ماند پڑ جائے گا بلکہ خطرہ یہ ہے کہ کہیں یہ مشعل فروزاں، اسلام دشمنوں کے ہاتھوں ہمیشہ کے لئے بجھ ہی نہ جائے۔

فرزند رسول نے اس خطبے کے ذریعے حاضرین کے سامنے قرآن اور عترت کی مظلومیت کوبیان کیا اور یہ ذمے داری ان کے سپرد کی کہ جہاں تک ممکن ہے وہ اس پیغام کو مملکت اسلامی کے تمام باشعور اور دیندار افراد تک پہنچائیں اور انہیں اس خطرے سے آگاہ کریں۔

اگرچہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس خطبے کی مفصل تشریح کی جائے کیونکہ اس کا ایک ایک جملہ علمی اور تاریخی لحاظ سے تشریح طلب ہے[35] لیکن فی الحال یہاں نتیجہ گیری کی صورت میں ہم اپنے خیال اور سطح فکر کی حد تک صرف چند نکات قارئین کی خدمت میں پیش کریں گے۔

زمانی اور مکانی حالات

اس خطبے کے مضامین کی تشریح سے پہلے خطبہ ارشاد فرمانے کے زمان و مکان اور خطبے کے طرز بیان پر توجہ دینا ضروری ہے۔ اس خطبے کے لئے خاص مقام (منیٰ) اور خاص وقت (ایامِ حج) کا انتخاب کیا گیا۔ مملکت اسلامی کی اہم ترین شخصیات بشمول خواتین کو دعوت دی گئی ، بنی ہاشم کے عمائدین اور مہاجر و انصار صحابہء کرام بھی مدعو تھے۔ خاص کر اس اجتماع میں ۲۰۰ ایسے افرادشریک تھے جنہیں رسول گرامی کی صحابیت اور ان سے براہ راست مستفیض ہونے کی سعادت حاصل تھی ۔ان ۲۰۰ کے علاوہ ۸۰۰ سے زائد افراد اصحاب رسولکی اولاد (تابعین) تھے۔

جلسہ گاہ : یہ جلسہ منیٰ میں تشکیل پایا ،جو بیت اللہ سے نزدیک ، توحید اور وحدانیت کے علمبردار حضرت ابراہیم سے منسوب اور قربانی و ایثار کی مثال حضرت اسماعیل کی قربانگاہ ہے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں ہر قسم کے امتیازات سے دستبردار ہو کر خدا کے سوا ہر

چیز کو بھلاد یا جاتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں انسان شیطان اور طاغوتوں پر کنکر برسا کے ندائے حق پر لبیک کہتا ہے اور راہ خدا میں قربانی اور ایمان اور اسلام کے راستے میں تن، من، دھن کی بازی لگانے کے لئے حضرت اسماعیل کے یاابت افعل ماتومر [36] سے درس لیتا ہے اور ستجدنی انشاء اللہ من الصابرین[37] کو نمونہء عمل قرار دے کر اللہ کی راہ میں سختیوں، مشکلات اور حتیٰ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کے عزم کا اعلان کرتا ہے۔

زمانہ : یہ جلسہ ایام تشریق میں منعقد ہوا۔ یہ وہ وقت ہے جب یہاں پہنچنے والے اللہ تعالی کی عبادت و ریاضت، خدا سے ارتباط اور عمرے کے اعمال انجام دے کر، منزل عرفات سے گزر کر، مشعر کے بیابان میں رات بسر کر کے، اور قربانی انجام دینے کے بعد فرزند رسول کا حیات آفرین پیغام قبول کرنے کے لئے معنویت اور روحانیت کی ایک منزل پر پہنچ چکے ہیں۔

خطبے سے مربوط اہم نکات

ا - ولایت سے انحراف

اس خطبے میں امام حسین نے جس بات کی طرف سب سے پہلے اشارہ کیا وہ (لوگوں کا) حق سے منحرف ہوجانا ، ولایت اورحکومت کو اس کے صحیح راستے سے ہٹا دینا اور اس بنیادی ترین مسئلے کے بارے میں رسول گرامی کی وصیت کو بھلا دینا تھا۔

رسول گرامی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اعلان نبوت کے ابتدائی ایام سے لے کر اپنی نبوت کی پوری ۲۳ سالہ مدت میں متعدد مرتبہ امامت اور ولایت کے موضوع پر گفتگو کی اور اس سلسلے میں مختلف موقعوں پر، مختلف طریقوں سے لوگوں کے سامنے حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کا تعارف کرایا۔ انہی مواقع میں سے ایک نمایاں اور محسوس موقع سد ابواب (گھروں کے دروازے بند کروانے) والا واقعہ ہے۔ مدینہ تشریف لانے کے بعد رسول کریم نے مسجد تعمیر کروائی اور پھر اسکے اطراف مکانات اور حجرے بنوانے کے دوران سدالابواب الاباب علی [38] کا دو ٹوک حکم صادر فرمایا اور اسکے بعد وضاحت فرمائی : ما انا سددت ابوابکم ولکن اللہ امرنی بسدابوابکم و فتح بابہ (میں نے اپنی طرف سے دروازے بند نہیں کروائے ہیں بلکہ مجھے اللہ نے حکم دیا ہے کہ تمہارے دروازے بند کرا دوں اوران (علی) کا دروازہ کھلا رکھوں۔

یہ تعارف اسکے بعد بھی انت ولی کل مومن بعدی [39] اور ایسے ہی دوسرے ارشادات کے ذریعے جاری رہا۔ یہاں تک کہ رسول کریم نے اپنی زندگی کے آخری مہینوں اور آخری ایام میں اس حساس اور اہم موضوع کو عوام الناس کے درمیان انتہائی کھلے لفظوں میں

، غدیر خم کے موقع پر اور مسجد ومنبر سے بیان کیا تاکہ پھراسکے بعد کسی کے لئے شک و شبہ کی گنجائش باقی نہ رہے اور کسی کو تاویـل وتفسیر کا کوئی راستہ نہ ملے۔ منی کے جلسے میں موجود متعدد افراد خود ان مواقع کے شاہد و ناظر تھے یا انہوں نے قابل اعتمـاد اصحاب اور عینی شاہدوں سے سنا تھا ۔لہذا امام حسین علیہ السلام کے ہر بیان کے بعد ان کاجواب یہی تھا کہ اللھم نعم۔

بہر صورت وجہ کوئی بھی ہو (رسول اکرم کی تمام تر کوششوں کے باوجود) یہ انحراف وجود میں آیااور وقت گزرنے کے ساتھ سـاتھ بڑھتا چلا گیا۔ کیونکہ خلافت کا پہلا مرحلہ (رسول اکرم کی) وصیت کی نفی کر کے اصحاب کے اجماع اور فیصلے کو دلیل بنا کر طے کـر لیا گیا جبکہ صرف دو سال بعد دوسرا مرحلہ اجماع کو پس پشت ڈال کے، صاحب نظر افراد کے کسی قسم کے اظہار نظر کے بغیر ،ارباب حل و عقد اور ماہرین کی رائے کو نظر انداز کرتے ہوئے وصیت کی بنیاد پر طے کیا گیا، اور اسکے دس سال بعد خلیفہ ء سوم کے انتخاب کے لئے گزشتہ دو خلفاء کے انتخاب کے طریقے کے برخلاف شوری کے نام سے ایک تیسرا راستہ اپنایا گیا ۔

خلیفہ کے انتخاب کے سلسلے میں اختیار کئے جانے والے یہ تین مختلف اورمتضاد راستے اور راہ حق کے مقابلے میں ایجاد ہونے والا یہ انحراف شاید بعض افراد کے نزدیک صرف ماضی کی ایک داستان اور انجام پا چکنے والا عمل ہولیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کے جوتلخ نتائج اورنقصانات سامنے آئے ،وہ اتنے گہرے اور وسیع ہیں کہ نہ

ہی اجتماعی امور کا کوئی ماہر ان کا مکمل تجزیہ و تحلیل کر سکتا ہے اور نہ ہی حتی کوئی محقق اور مورخ انہیں کماحقہ بیـان کـر سـکتا ہے۔

امیر المومنین کے زمانے کے واقعات انہی کے بیانات کی روشنی میں

اس زمانے کی بعض معاشرتی اور مذہبی مشکلات کو امیر المومنین کے درج ذیل کلام میں محسوس کیا جا سکتا ہے اور یوں احسـاس ہوتـا ہے کہ گویا امام حسین کا خطبہ امیر المومنین کے اسی کلام کی تشریح ہو۔

اس کلام میں خلفائے اول اور دوم کے طریقہ ء انتخاب اور اس دوران اپنی صورتحال اور مقام کو بیان کرنے کے بعـد، امیـر المـومنین نے ان واقعات ، غلطیوں ، خامیوں اور مصیبتوں کی طرف اشارہ کیا جو خلیفہ ء ثانی اور ثالث کے زمـانے مـیں پـیش آئـیں ،جـس نے مسلمانوں کو مجبور کیا کہ وہ امیر المومنین سے رجوع کریں۔ اسی طرح اس کلام میں ان قبیح اعمال کی طرف بھی اشارہ کیا گیـا ہے ، جـو نفسانی خواہشات ، حب دنیا ، جاہ ومقام اور مال و منال کی خاطر بعض مسلمانوں نے انجام دیئے۔ آپ فرماتے ہیں:

((خدا کی قسم لوگ ان (خلیفۂ دوم) کے زمانے میں کج روی، سرکشی ،متلون مزاجی اور بے راہ روی میں مبتلا ہو گئے۔ میں نے اس طویل مدت اور شدید مصیبت پر صبر کیا، یہاں تک کہ انہوں نے بھی اپنی راہ لی اور خلافت کو ایک جماعت میں محدود کر گئے اور مجھے بھی اس جماعت کا ایک فرد خیال کیا۔ للہ مجھے اس شوریٰ سے کیا واسطہ ؟ ان میں کے سب سے پہلے ہی کے مقابلے میں میرے استحقاق اور فضیلت میں کب شک و شبہ تھا، جو اب ان لوگوں میں، میں بھی شامل کر لیا گیا ۔ مگر میں نے یہ طریقہ اختیار کیا تھا کہ جب وہ زمین کے نزدیک ہوکے پرواز کرنے لگیں تو میں بھی ایسا ہی کرنے لگوں اور جب وہ اونچے اڑنے لگیں تو میں بھی اسی طرح پرواز کروں (یعنی حتیٰ الامکان کسی نہ کسی صورت میں نباہ کرتا رہوں) ۔

ان (اراکین شوریٰ) میں سے ایک شخص تو کینہ و عناد کی وجہ سے میرا مخالف ہوا اور دوسرا دامادی اور بعض ایسی باتوں کی وجہ سے ادھر جھک گیا جن کا بیا ن مناسب نہیں ۔ یہاں تک کہ اس قو م کا تیسرا پیٹ پھلائے سرگین اور چارے کے درمیان کھڑا ہوا اور اسکے ساتھ ساتھ اس کے بھائی بند بھی اٹھ کھڑے ہوئے ،جو اللہ کے مال کو اس طرح نگلتے تھے جس طرح اونٹ فصل بہار کا چارہ چرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ وقت آگیا جب اس کی بٹی ہوئی رسی کے بل کھل گئے اور اس کی بد اعمالیوں نے اس کا کا م تمام کردیا اور شکم پری نے اسے منہ کے بل گرادیا ۔اس وقت مجھے لوگوں کے ہجوم نے دہشت زدہ کر دیا جو میری طرف بجو کے ایال کی طرح ہر طرف سے مسلسل بڑھ رہا تھا۔ یہاں تک کہ صورت یہ ہوگئی تھی کہ حسن اور حسین کچلے جارہے تھے اور میری چادر کے دونوں کنارے پھٹ گئے تھے۔ وہ سب میرے گرد اس طرح گھیرا ڈالے ہوئے تھے جیسے بکریاں بھیڑئیے کے حملے کی صورت میں ا پنے چرواہے کے گرد جمع ہوجاتی ہیں ۔لیکن اس کے باوجود جب میں نے خلافت کی ذمے داریاں سنبھالیں تو ایک گروہ نے بیعت توڑ ڈالی اور دوسرا دین سے نکل گیا اور تیسرے گروہ نے فسق اختیار کیا ۔گویا ان لوگوں نے اللہ کا یہ ارشاد سنا ہی نہ تھا کہ :یہ آخرت کا گھر ہم نے ان لوگو ں کیلئے قرار دیا ہے جو دنیا میں نہ (بے جا) بلندی چاہتے ہیں، نہ فساد پھیلاتے ہیں اور اچھا انجام پرہیز گار وں کے لئے ہے ۔ہاں ہاں! خدا کی قسم ان لوگوں نے اس آیت کو سنا تھا اور یاد کیا تھا لیکن ان کی نگاہوں میں دنیا کا جمال کھب گیا تھا اور اس کی سج دھج نے انہیں دیوانہ کردیا تھا۔))[40]

امیرالمومنین کے مذکورہ بالا خطبے کے آخری الفاظ میں آپ کا درد دل ملا حظہ کیا جاسکتا ہے ۔لہذا جب آپ نے زمام خلافت کو اپنے ہاتھ میں لیا اور اسلام کے صحیح قوانین کا نفاذ اور عدل وانصاف کا بول بالا ہوا اور جب انہوں نے ان الفاظ کے ساتھ ا پنے پروگرام کا اعلان کیاکہ :واللہ لو وجدتہ قدتزوج بہ النساء وملک بہ الاماء لرددتہ فان فی العدل سعۃ ومن ضاق علیہ العدل فالجور بہ اضیق ۔۔(خدا کی قسم

!اگر مجھے کوئی مال اس حالت میں مل جاتا جسے عورتوں کا مہر بنایا دیا گیا ہے، یا اسے کنیز کی قیمت کے طور پر دیا گیا ہے تو بھی اسے واپس کرادیتا ۔اس لئے کہ انصاف میں بڑی وسعت پائی جاتی ہے اور جس کے لئے انصاف میں تنگی ہو اسکے لئے ظلم میں تو اور بھی تنگی ہوگی۔ نہج البلاغہ خطبہ نمبر۱۵) تو ۲۵ سال کی بے راہ روی، رسول اللہ کی سیرت سے دوری اور قانون شکنی اور حق تلفی کا عادی ہوجانے کی وجہ سے ،لوگ حق وعدالت کے قیام کے لئے امیر المومنین کی کوششوں کو جرم سمجھنے لگے اور آپ کی مخالفت میں کھڑے ہوگئے اور آپ کے خلاف ایک داخلی جنگ کا آغاز کر دیا۔

کچھ لوگ اگرچہ براہ راست اس جنگ میں شامل نہیں تھے لیکن انہوں نے اپنی خاموشی کے ذریعے دشمن کو مضبوط کیا۔ اس کے نتیجے میں بجائے یہ کہ امیرالمومنین کی طاقت عدل وانصاف کے اجراء اور قرآن وسنت کے اہداف ومقاصد کو جامہء عمل پہنانے کے سلسلے میں صرف ہوتی، آپ کی تمام تر تو جہات اسلام کی بنیادوں کے تحفظ اور اسلامی معاشرے کی حفاظت پر مرکوز ہوگئیں۔ حد یہ ہے کہ ان داخلی جنگوں اور اندرونی اختلافات کے نتیجے میں لشکر حق اتنا کمزور اور بے اثر ہوگیا اور اس صورتحال نے امیرالمومنین کو ایسا آزردہ خاطر کیا کہ آپ نے بارگاہ الٰہی میں التجا کرتے ہوئے یوں عرض کی :

اللھم انی قد مللتھم وملونی وسئمتھم وسئمونی، فابدلنی
بھم خیرا منھم، وابدلھم بی شرامنی

((اے پروردگار! میں ان سے تنگ آگیا ہوں اور یہ مجھ سے تنگ آگئے ہیں۔ میں ان سے اکتا گیا ہوں اور یہ مجھ سے اکتا گئے ہیں لہذا مجھے ان سے بہتر قوم عنایت کر دے اور انہیں مجھ سے بد تر حاکم دے دے۔))

نیز فرمایا :

واللہ لا ظن ان ھولاء القوم سید الون منکم با جتماعھم علی باطلھم ،وتفرقکم عن حقکم وبمعصیتکم اما مکم فی الحق، وطاعتھم امامھم فی الباطل، وبادائھم الامانۃ الی صاحبھم و خیانتکم ،وبصلاحھم فی بلاد ھم وفساد کم

((اور خدا کی قسم میرا خیال یہ ہے کہ عنقریب یہ لوگ تم سے اقتدار چھین لیں گے ۔اس لئے کہ یہ اپنے باطل پر متحد ہیں اور تم اپنے حق پر متحد نہیں ہو۔ یہ اپنے پیشوا کی باطل میں اطاعت کرتے ہیں اور تم اپنے امام کی حق میں بھی نافرمانی کرتے ہو۔ یہ اپنے مالک کی امانت اس کے حوالے کردیتے ہیں اور تم خیانت کرتے ہو۔ یہ اپنے شہروں میں امن وامان رکھتے ہیں اور تم اپنے شہروں میں بھی فساد کرتے ہو ۔))(نہج البلاغہ ۔ خطبہ نمبر ۲۵)

ساتھ ہی پیش گوئی فرمائی کہ پیش آمدہ حالات میں(جبکہ تم اپنے رہبر اور امام کی طرف سے عائد ہونے والے فریضے کی ادائیگی میں سستی کرتے اور نافرمانی برتتے ہو اور دشمن اپنے مکرو فریب میں ہر روز موثر قدم بڑھا رہا ہے) جلد ہی معاویہ۔ اور اس کے طرفدار کامیاب ہو کر تم پر مسلط ہو جائیں گے اور یوں ایک تاریک مستقبل اور ہولناک مقدر تمہارے انتظار میں ہے۔

اما انکم ستلقون بعدی ذلا شاملا و سیفا قاطعا واثرۃیتخذھا الظالمون فیکم سنۃ[41]

((مگر آگاہ رہو کہ میرے بعد تمہیں ہر طرف سے چھا جانے والی ذلت اور کاٹنے والی تلوار کا سامنا کرنا ہے اور ظالموں کے اس وتیرے سے سابقہ پڑنا ہے کہ وہ تمہیں محروم کر کے ہر چیز اپنے لئے مخصوص کر لیں ۔))

اور آخر کار امیرالمومنین کی دعا :فابدلنی خیرا منھم (ان کی بجائے ان سے بہتر افراد مجھے عنایت فرما)پوری ہوئی اور ان افراد کی بجائے جن سے امیرالمومنین رنجیدہ تھے اللہ تعالی نے انہیں رسول اللہ، انبیاء اور اولیاء کے ہمراہ اپنے جوار خاص میں مقام عنایت فرمایا اور آپ نے اپنی خون آلود اور مجروح پیشانی کے ساتھ آخری کامیابی کا استقبال کیا اور فزت ورب الکعبہ [42] کہتے ہوئے اپنے رب سے ملاقات کے لئے روانہ ہوئے۔

امام حسن کا طریقہ ء کار

امیرالمومنین علی علیہ السلام کے بعد ان کے فرزند اور نواسہء رسول (امام حسن مجتبی)نے فیصلہ کیاکہ بنی امیہ کے فسادوانحراف اور معاویہ کے ساتھ مقابلے کے سلسلے میں وہ بھی امیرالمومنین ہی کے راستے پر قدم بڑھائیں گے اور ماضی کے کفر اور آج کی منافقت کی مخالفت کو امامت اور رہبری کی بنیادی ذمہ داری قرار دیں گے، کیونکہ وہ بھی برحق

امام تھے اور جوانان جنت کے سردار تھے ،ان کا راستہ اور منصوبہ وہی تھا جو امیرالمومنین کا راستہ اور منصوبہ تھا ۔

لہذا آپ نے معاویہ کے خلاف جنگ کا حکم صادر فرمایا اور لشکر کوفہ کو جمع کرتے ہوئے، خود فوج کے سپاہ سالار اورقائد کے طور پر محاذ کی طرف روانہ ہوئے۔

لیکن جنگ کے آغاز ہی میں ایک طرف تو خود اپنے لشکر میں موجود بے وفا افراد کی وجہ سے ،جن کی تن آسانی اور سستی کی امیرالمومنین بھی ہمیشہ مذمت کیا کرتے تھے اور ان کی بے وفائی اور غیر ذمے داری کا درگاہ الہی میں شکوہ کرتے تھے اور دوسری طرف

ابوسفیان کے بیٹے کی چالاکی کی وجہ سے امام حسن اپنے قلبی رجحان کے برخلاف جنگ بندی قبول کرنے اور ایسے معاہدے پر دستخط کرنے پر مجبور ہوئے جس پر عمل درآمد کی انہیں امیر حمزہ کاجگر چبانے والی ہندہ کے بیٹے معاویہ ابن ابو سفیان سے کوئی امید نہ تھی ۔

امام حسن بن علی نے اس تاریخی سانحے اور بظاہراپنے نرم رویے کے بنیادی اسباب کا مختلف موقعوں پر ذکر فرمایا ہے اور اپنے زمانے کے لوگوں کے سامنے اس سلسلے میں اپنی اندرونی غم انگیز کیفیت کا متعدد مواقع پر اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے ایک تقریر کے دوران جبکہ معاویہ بھی وہاں موجود تھے یوں ارشاد فرمایا :

((اے لوگو ! معاویہ یوں ظاہر کرتے ہیں جیسے صلح کی قرارداد قبول کر کے میں نے انہیں مقام خلافت کا مستحق سمجھا ہے ۔ ان کا یہ کہنا درست نہیں کیونکہ اللہ کی کتاب اور سنت نبی کے مطابق لوگوں کی رہبری اور قیادت ہمارے خاندان کے لئے ہے (یعنی یہ کیسے ممکن ہے کہ میں کتاب و سنت کے برخلاف عمل کروں) اور خدا کی قسم اگر لوگ ہمارے ساتھ کی جانے والی بیعت میں وفادار رہتے اور ہماری اطاعت کرتے اور ہماری مدد کرتے تو خداوند متعال زمین و آسمان کی برکتیں ان پر نازل کرتا۔

(پھر معاویہ سے مخاطب ہو کے فرمایا) اور پھر تم لوگوں پر حکومت اور بالادستی کا خواب نہ دیکھ سکتے۔ اے معاویہ ! تم رسول اللہ کے اس فرمان سے باخبر ہو کہ جو قوم بھی اپنی حکومت اور سرپرستی آگاہ اور باخبر افراد کے ہوتے ہوئے بے خبر اور بے صلاحیت لوگوں کے سپرد کر دے توتباہی اور بربادی اس قوم کا مقدر ہو جائے گی اور وہ قوم بچھڑوں کی عبادت (یا گوسالہ پرستی) کا شکار ہو جائے گی۔))

پھر فرمایا :

((بنی اسرائیل نے یہ جاننے کے باوجود کہ ہارون، موسیٰ کے جانشین اور خلیفہ ہیں ،انہیں ترک کر دیا اور بچھڑے کی عبادت میں مشغول ہو گئے۔ مسلمانوں کے درمیان بھی ایسا ہی انحراف پیش آیا اور حضرت علی کے بارے میں رسول اللہ کی اس ہدایت کے ہوتے ہوئے کہ : یا علی ! انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی (اے علی! آپ کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی) مسلمانوں نے علی کو چھوڑ دیا اور اس کے برے نتائج کا شکار ہو گئے۔))

پھر امام حسن نے معاویہ کو مخاطب کر کے فرمایا :

((جس زمانے میں رسول اللہ لوگوں کو اللہ اور توحید کی دعوت دے رہے تھے، انہوں نے غار میں پناہ لی تھی اور اگر ان کے انصار و اعوان ہوتے تو وہ ہرگز لوگوں سے دور نہ ہوتے ۔اے معاویہ ! اگر میرے اعوان و انصار ہوتے تو میں بھی کبھی صلح کا معاہدہ قبول نہ کرتا۔))

پھر لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا :

((اللہ تعالیٰ نے ہارون کا عذر قبول کیا، جب ان کی قوم نے انہیں چھوڑ دیا تھا اور ان کے قتل کے منصوبے بنا رہے تھے۔ اسی طرح اللہ نے نبی اکرم کے عذر کو بھی قبول کیا جب وہ اپنا کوئی مددگار نہیں پاتے تھے اور اپنی قوم سے دوری اختیار کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ میرے اور میرے والد علی کے عذر کو بھی قبول کرے گا کیونکہ ہمیں بھی اپنے اردگرد اعوان و انصار نظر نہیں آتے تھے ۔لہذا (ہم نے) دوسروں کے ساتھ گزارہ کیا۔ اور یہ سب تاریخ کے قوانین اور ایک جیسے واقعات ہیں جو ایک کے بعد ایک واقع ہوتے ہیں۔))

امام نے اپنی تقریر کے آخر میں فرمایا :

((لوگو! اگر مشرق و مغرب میں تلاش کرو تب بھی میرے اور میرے بھائی کے علاوہ تمہیں کوئی فرزند نبی نہیں ملے گا۔))[43]

اسی طرح جب امام کے جاننے والوں میں سے کسی نے صلح کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے جواب میں یوں فرمایا:

((خدا کی قسم میں نے یہ صلح اور معاہدہ صرف اس وقت قبول کیا جب دیکھا کہ کوئی ساتھ دینے والا نہیں ہے اور اگر اس مقصد کے لئے میرے پاس طاقت و قوت (انصار و اعوان) ہوتی تو دن رات معاویہ سے جنگ کرتا یہاں تک کہ جو خدا کو منظور ہوتا وہ انجام پاتا :

وَاللهِ، ما سَلَّمْتُ الأَمرَ اليهِ الاّ انّی لَمْ اَجِد اَنْصاراً وَلَوْ وَجدَتُ اَنْصاراً لَقاتَلْتُهُ لَيلی وَنَهاری حَتیّٰ يَحْكُمَ الله بينی وَبَينَه)) [44]

خلاصہء کلام یہ کہ اگر امیر المومنین علیہ السلام اپنے اہداف و مقاصد کو حاصل نہ کر سکے اور امام حسن، معاویہ کے ساتھ صلح پر مجبور ہوئے اوراگر معاویہ کو اتنی قدرت ملی کہ وہ مسلمانوں پر اپنے اقتدار کے حصول میں کامیاب ہوں اور انہیں ذلت و رسوائی سے دوچار کر دیں، انہیں اسلام و قرآن سے دور کر دیں اور یہاں تک کہ امت اسلامی کی تقدیر یزید جیسے خطرناک شخص کے سپرد کر دیں، تو اس کا ایک اہم ترین سبب یہ تھا کہ مسلمانوں نے اپنے امام اورولی کی اطاعت میں کوتاہی کی اورمعاشرے کے بعض سرکردہ ترین افراد نے اپنے رہبر اور امام کے سلسلے میں اپنی ذمے داریوں پرتوجہ نہیں دی۔یہ افراد نہ صرف یہ کہ امام کے احکام و فرامین کی اطاعت

پر تیار نہ تھے اور ان کی معنوی اور روحانی رہبری میں قدم بڑھانے سے گریز کرتے تھے بلکہ اس کے برخلاف ایسے بے جا اعتراضات، بہانے اور چوں و چرا کیاکرتے تھے کہ آخر کار ناقابل تلافی نقصانات اٹھانے پڑے۔

۲ -امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی اہمیت

امام حسین نے اپنے اس نورانی اور تاریخی خطبے کے دوسرے حصے میں بالعموم تمام مسلمانوں اور بالخصوص مہاجرین اور انصار کو مخاطب کیا ہے اور فریضہ ء امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (جس پر اسلامی معاشرے کی اساس استوار ہے) کی انجامدہی کے سلسلے میں ان کی سستی اوربے توجہی کی مذمت اوران کی سرزنش فرمائی ہے، اور معاشرے میں ظلم و ستم پھوٹ پڑنے اور مسلمانوں کے مقرر پر ظالم اور ستمگر افراد کے تسلط (جس کا ذکر آپ نے اپنے اس خطبے کے تیسرے حصے میں کیا ہے) کا ایک سبب اس اہم فریضے کے سلسلے میں مسلمانوں کی کوتاہی کوقرار دیا ہے۔

(نوٹ : معاویہ سے جنگ ترک کرنے کے بارے میں امام حسن کے اس واضح بیان کو پیش نظر رکھا جائے تو رسول مقبول سے منسوب کی جانے والی یہ حدیث : اِنَّ ابنی ھٰذا سَیدٌ وَلَعَل اللہ اَنْ یُصْلِحَ بِهِ بَیْنَ فِئتَین مِنَ المسلِمینَ (میرا یہ فرزند (حسن) سیدو سالار ہے اور امید ہے کہ خداوند عالم اسکے توسط سے مسلمانوں کے دوگروہوں کی اصلاح کرے گا) جو امام حسن کی فضیلت کے عنوان سے صحیح بخاری اور اہل سنت کے دوسرے منابع حدیث میں نقل کی گئی ہے اور شیعہ کتب میں بھی داخل ہوئی ہے، جعلی حدیث محسوس ہوتی ہے، جسے بنی امیہ کے حدیث سازی کے کارخانے میں تیار کیاگیا ہے تاکہ تاریخی حقائق کو الٹ پلٹ دیں اور امام حسن کے مخالف لشکر کو مسلمانوں میں شمار کریں اور ان کا خون بہانے کو حرام اور صلح کے مسئلے کو ایک واجب عمل اور امام حسن کی نسبت سے ایک اولی حکم ظاہر کریں۔ لیکن امام حسن کی گفتار سے واضح ہے کہ آپ نے بحالت مجبوری صلح قبول کی تھی اور اگر آپ کو جانثار اصحاب و انصار کی خاطرخواہ تعداد میسر ہوتی اور حالات آپ کے حق میں ساز گار ہوتے تو آپ حتمی کامیابی تک معاویہ کے خلاف جنگ جاری رکھتے اور آپ معاویہ کے پیروکاروں کو فئتین من المسلمین شمار نہیں کرتے تھے۔

امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا اہم ترین پہلو

لیکن امام کے خطاب کے اس حصے میں جو بات انتہائی قابل توجہ اور اہمیت کی حامل ہے، وہ امربالمعروف اور نہی عن المنکر کے وسیع مفہوم اور اس کے مختلف پہلوؤں کی تشریح اور اس بنیادی مسئلے کے اہم ترین رخ اور عملی پہلو کی جانب اشارہ ہے ۔ کیونکہ امام نے قرآن کریم کی دو آیات کو بطور سند پیش کرتے ہوئے فرمایا : اگر معاشرے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر برقرار ہو تو چھوٹے بڑے تمام واجبات پر عمل ہو اور تمام مشکلات حل ہو جائیں ۔اس کے بعد نمونے اور مصداق کے طور پر پانچ امور کو نکتہ وار درج ذیل صورت میں بیان کیا :

۱-وذلک ان الامر بالمعروف و النھی عن المنکر دعاء الی الاسلام: امربالمعروف اور نہی عن المنکر اسلام کی طرف دعوت (فکری اور عقیدتی جہاد کے مساوی) ہے۔

۲ - مع رد المظالم : مظلوموں کو ان کے حقوق لوٹانا ہے۔

۳- ومخالفة الظالم : ظالم کے خلاف جد و جہد ہے۔

۴- وقسمة الفی ء والغنائم : مال غنیمت اور عوامی دولت کی عادلانہ تقسیم ہے۔

۵- واخذ الصدقات من مواضعھاوضعھافی حقھا : زکات اور دوسرے مالی واجبات کی صحیح جمع آوری اور ٹھیک ٹھیک مقامات پر انہیں خرچ کرنا ہے۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اس وسیع سطح پر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا انجام دینا، (جس میں ظالم کا مقابلہ، حقوق کی بازیابی ، ظلم وستم کا جڑ سے خاتمہ اور معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام شامل ہے) حکومت اسلامی کے قیام اور ان امور کے اجراء کے لئے قوت ہاتھ میں لئے بغیر محض انفرادی سطح پر تلقین اور زبانی طور پر اچھائیوں کی تاکید سے ممکن نہیں۔

امام حسین علیہ السلام کا یہ بیان درحقیقت ان لوگوں کے لئے واضح جواب ہے جو امربالمعروف اور نہی عن المنکر جیسے اہم اور بنیادی فریضے کو انتہائی محدود پیمانے میں، انفرادی سطح پر اور عمل کی بجائے محض زبانی کلامی تلقین میں منحصر سمجھتے ہیں۔

اسی طرح یہ خطاب اسلامی حکومت کے قیام کے واجب ہونے اور معاشرے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے عملی اجراء کے لئے ایک مضبوط دلیل فراہم کرتا ہے۔

اسی بنا پر اور ایسے ہی متعدد دلائل کی روشنی میں بعض بزرگ شیعہ فقہا نے جہاد جیسے فریضے کو اس کی تمام تر عظمت ، وسعت اور احکام کے باوجود امربالمعروف اور نہی عن المنکر کی ایک شاخ قرار دیا ہے اور اسے ان دو اشد اہم فرائض کا ایک حصہ شمار کرتے ہیں۔

زیارت امام حسین میں درج ہونے والا جملہ: اشھد انک قد اقمت الصلاۃوآتیت الزکاۃ وامرت بالمعروف و نھیت عن المنکر بھی اس حقیقت کا گواہ ہے اور اس مفہوم کی وضاحت کرتا ہے کہ حکومت یزید کی مخالفت میں امام حسین علیہ السلام کا جہاد اور مبارزہ درحقیقت فرائضِ الہٰی کی ادائیگی ، نماز وزکات کے قیام اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضے کی انجام دہی کے لئے تھا۔

مختصر یہ کہ امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا صحیح ، وسیع اور جامع مفہوم معاشرے میں عدل و انصاف کا رواج اور سماج سے ظلم و فساد کا مکمل خاتمہ ہے۔ جس کے لئے ضروری ہے کہ اسلامی حکومت قائم ہو، اور اگر کسی معاشرے میں امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا اس کے اس مفہوم میں اجراء نہ ہو اور اسلامی اصولوں کے مطابق حکومت قائم نہ کی جائے تو پھر قدرتی طور پر یہ ہوگا کہ اسکی جگہ ظالم و ستمگر اور بدقماش افراد معاشرے پر چھا جائیں گے۔ اسی بات کی جانب اشارہ کرتے ہوئے امیر المومنین نے اپنی آخری وصیت میں فرمایا:

ولا تترکواالأمربالمعروف و النھی عن المنکر فیولی علیکم اشرارکم فتدعون فلا یستجاب لکم ۔

((امربالمعروف اور نہی عن المنکرکو کسی صورت میں ترک نہ کرنا ،ورنہ تمہارے برے تم پر حاکم ہو جائیں گے ،پھر دعائیں بھی مانگو گے تو پوری نہیں ہوں گی۔))[45]

۳ ۔تاریخ کے پست سرشت افراد

امام حسین علیہ السلام کے اس اہم خطبے کے یہ تین حصے ایک اعتبار سے فلسفہ ء تاریخ کے درس اور علم اجتماعیات کے وہ گہرے نکات ہیں جن میں اسلام کے ابتدائی۵۰ سال کے دوران مسلمانوں کی معاشرتی تبدیلیوں کے اسباب بیان ہوئے ہیں، اسلام کی عظمت کے ابتدائی دور ہی میں ظالموں اور ستمگروں کے قابض ہونے کی وجوہات ذکر ہوئی ہیں، اہل بیت اطہار کی حق تلفی اور معاویہ ابن ابی سفیان کے حاکم ہو جانے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور تین مختلف پہلوؤں سے ان مسائل کا جائزہ لیا گیا ۔

اس خطبے میں درحقیقت آیت قرآن :ان اللہ لا یغیر مابقوم حتی یغیروا

مابانفسہ‌کی تاریخی شواہد اور انتہائی محسوس دلائل کی روشنی میں انتہائی خوبصورت اور دلنشین انداز میں تفسیر کی گئی ہے۔ نیز اس خطبے میں امام حسین علیہ السلام کے اندرونی رنج و اندوہ اور ان کی تشویش کا اظہار بھی ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ یہ خطبہ تاریخ اسلام میں آنے والے تمام مسلمانوں بالخصوص علما کے لئے تنبیہ اور بیداری کا پیغام بھی ہے۔

امام حسین علیہ السلام نے خطبے کے تیسرے حصے میں اس اہم اور تاریخی اجتماع میں موجود مسلمانوں ، اصحاب رسول اور ان کی اولادوں کو مخاطب قرار دیا۔ یہ لوگ مذہبی اور سماجی مقام کے حامل ایسے سرکردہ افراد تھے جو اپنے کردار کے ذریعے معاشرے میں ایک تحریک ایجاد کرسکتے تھے۔ یہ وہ لوگ تھے جن کا قول و عمل، گفتار و کردار حرکت اور سکون افراد ملت کے لئے نمونہ ء عمل اور لائق تقلید تھا۔

انہیں چاہئے تھا کہ اپنی شخصیت کی اہمیت اور اس کے مرتبے کو پہچانتے اور اپنی صحیح حیثیت کا اندازہ لگاتے اور مظلوموں کی نجات اور معاشرے کو حقیقی معنوں میں فلاح و سعادت سے ہمکنار کرنے کے لئے تدبیر کرتے۔ لیکن دنیاوی زندگی کی محبت، مادی لذتوں کی حرص، آسائش طلبی اور سختیوں سے بچنے کی خواہش اور بعض اوقات اپنے جمود اور سادہ لوحی کی وجہ سے ان افراد نے بزدلی کی راہ اختیار کی اور زمین پر ہمیشہ باقی رہنے کی بچکانہ خواہش نے انہیں ان کی ذمے داریوں سے غافل کر دیا۔ ان لوگوں نے خدائی احکامات کی ایسی من مانی تفسیریں کیں جن سے ان کے ذاتی مقاصد حاصل ہو سکیں اور اپنی اس بے راہ روی پر مسلسل گامزن رہے۔

یہ وہ لوگ تھے جنہیں حق اور فضیلت کا محافظ سمجھا جانے کی وجہ سے معاشرے میں خصوصی عظمت اور مقام حاصل تھا، کمزور اور قدرت مند، سب کے دلوں میں ان کی ہیبت اور دبدبہ قائم تھا اور ہر ایک انہیں خاص احترام کی نظر سے دیکھتا تھا۔

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ معاشرے کی ان سے ساری امیدیں اور توقعات ضائع ہو گئیں۔ ان لوگوں نے دین اور قرآن کی حفاظت کے لئے کچھ نہیں کیا، کسی مالی نقصان کاسامنا نہیں کیا اور نہ ہی کسی پابندی، قید و بند اور اذیت و آزار کو جھیلا۔ ان کے اقربا اور رشتے دار اسلامی مقدسات کا مذاق اڑاتے رہے اور انہوں نے ان کی کوئی مخالفت نہیں کی اوردین وقرآن کے حامیوں ، اسلام کی راہ میں اذیت و آزار جھیلنے والوں اور اس راہ میں جلا وطنی برداشت کرنے والوں کو کوئی اہمیت نہ دی۔ ان کی موجودگی میں اسلام و قرآن کی حرمت کو پامال کیا گیا اور یہ خاموش رہے بلکہ عملا اسلام کے دشمنوں کی چاپلوسی اور ان سے ساز باز کی روش اختیار کی اور یوں ظالموں کی حاکمیت اور مظلوموں کے حقوق کی پامالی کا راستہ ہموار کیا۔

لیکن اگر یہ غورکرتے تو جان لیتے کہ ایسا کر کے انہوں نے درحقیقت اپنے ہی لئے ایک بڑی مصیبت کا سامان کیا ہے، اورخود اپنے ہی ہاتھوں اپنی ذلت و رسوائی کی بنیادیں رکھی ہیں۔ کیونکہ اگر وہ حق کاساتھ نہ چھوڑتے، خط ولایت اور فرمان نبوت کے بارے میں اختلاف کا شکار نہ ہوتے، راہ خدا میں مارے جانے سے نہ کتراتے ، چندروزہ دنیاوی زندگی کی لالچ میں مبتلا نہ ہوتے اوراللہ کے راستے میں عارضی مصیبت، مشقت اور محرومیت پر صبر کرتے،تو اسلامی معاشرے کی سربراہی اور زمام امور ان ہی کے ہاتھ میں ہوتی اور اللہ کے احکام اور فرامین ان ہی کے ذریعے جاری ہوتے، مظلوم اورستم رسیدہ افراد ان ہی کے ہاتھوں نجات پاتے، محروموں اور مشکل کے ماروں کی داد رسی ہوتی اور ظالم و جابر ان کے ہاتھوں کچل دیئے جاتے۔

لیکن ان کی سستی اور کوتاہی نے سب کچھ بدل کر رکھ دیا،اسلام سے ان کی دوری نے انہیں ذلیل و خوار کر دیا ،اورقدرت و حاکمیت دشمنوں کے ہاتھوں میں آ گئی، وہ جس طرح چاہتے ہیں مظلوموں کے ساتھ پیش آتے ہیں اور جس طرف ان کی شقی طبیعت کا میلان ہوتا ہے معاشرے کو اسی طرف لے جاتے ہیں، اللہ کے احکام کی تحقیر کرتے ہیں اور سنت رسول کی اہانت ۔ نابیناؤں، محتاجوں ،فقرا اور مساکین کو بنیادی ترین انسانی حقوق سے محروم کرتے ہیں۔ مملکت اسلامی کے ہر گوشے میں ایک مستبد فرد حاکم ہے اور ہر علاقے پر ایک خود خواہ شخص فرمانروا ہے۔ یہ لوگ اسلام کی قدرت اور مسلمانوں کی عزت و شوکت کو پامال کرنے کے لئے اپنے پاس موجود ہر قسم کے تبلیغاتی حربے استعمال کررہے ہیں، اسلامی دستور میں تحریف اور اسلامی قوانین کو الٹ پلٹ رہے ہیں، حدود کی سزاؤں کو انسانی حقوق کی پامالی ، قصاص کو ظلم اور تعزیرات کو قساوت کے طور پر متعارف کرا رہے ہیں ۔

یہ وہ خطاب ہے جو حسین ابن علی نے ارشاد فرمایا، حسین جو نواسہ ء رسول ہیں، فرزند امیر المومنین علی ابن ابی طالب ہیں اور فاطمہ زہرا کے لخت جگر ہیں۔ یہ صرف حسین ابن علی ہی کا کلام نہیں ہے بلکہ یہی تمام انبیاء کا کلام اور تمام ائمہ و اولیائے خدا کا درد دل ہے ،حضرت ابراہیم ، حضرت موسی، حضرت عیسی، اور خاتم الانبیاء کا کلا م ہے ، حضرت علی ، اما م حسن اور بقیہ ائمہ ء اطہار کا کلام ہے۔

خطبے کا عملی جواب

جس طرح یہ خطبہ اور یہ کلام انبیاء ، اولیاء اور ائمہ ء ہدی کا کلام ہے، اسی طرح اس کا عملی جواب بھی سب سے پہلے انبیاء اور ائمہء ہدی نے دیا، ا ور وہی تھے جنہوں نے تاریخ انسانی کے ہر دور میں اس حیات بخش ندا پر لبیک کہا۔

جی ہاں! یہی لوگ منادی بھی تھے اور لبیک کہنے والے بھی، خود ہی خطاب کرنے والے بھی تھے، خود ہی اس خطاب کو سننے والے بھی، خودہی دعوت دینے والے بھی اور خود ہی اس کا جواب دینے والے بھی۔ انہوں نے اس دعوت کے جواب میں ایسی استقامت اور ثابت قدمی کا ثبوت دیا کہ شوق و اشتیاق کے ساتھ آگ میں کود پڑے، اورآخر کار اپنے زمانے کے سرکش نمرودیوں پر غالب آ ئے، اورتوحید کی بنیادیں قائم کر دیں اور اپنے اہداف و مقاصد کے سلسلے میں ایسی پائیداری دکھائی کہ دشمن کو سمندر کی موجوں میں غرق کر کے اپنی قوم کو ذلت و غلامی سے نجات دلائی ۔یہ لوگ اپنے عہد وپیمان سے اس قدر وفادار تھے کہ جب ان کے کٹے ہوئے سر طشت میں رکھ کر دشمنوں کو پیش کئے گئے تو اس عالم میں بھی انہوں نے شمشیر پر خون کی فتح کا نعرہ بلند کیا۔

اور بالہ‌آخر تشیع کو یہ اعزاز اور افتخار حاصل ہوا کہ اس کے ائمہ اور اس کے رہنماؤں نے دینِ اسلام کی سربلندی اور تعلیمات قرآنی کے عملی نفاذ کی راہ میں(جس کاایک مظہر عادلانہ اسلامی حکومت کی تشکیل و تاسیس ہے) کبھی پس زنداں اور کبھی جلاوطنی کی زندگی بسر کی اور آخر کار اپنے زمانے کے ظالموں اور طاغوتوں کی حکومتوں کے خاتمے کے لئے جد و جہد کے دوران شہید ہوئے(46)۔ جہاں تک حالات اور وسائل نے اجازت دی ائمہ نے مسلحانہ جد و جہد کی اور اپنی تلواریں سونت کر دشمنان اسلام کی صفوں پر حملے کئے۔ درحقیقت امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب کے زمانے کی تین جنگیں اور(معاویہ ابن ابی سفیان اور یزید ابن معاویہ کے مقابلے میں) امام حسن اور امام حسین کی معرکہ آرائی تاریخ انسانیت اور تاریخ اسلام میں ظلم و ناانصافی کے خلاف کی جانے والی جد و جہد کے سنہرے اوراق ہیں۔

امام حسین اور ان کے اصحاب کا عملی جواب

اگرچہ اس خطبے کا مضمون حاضرین اور سامعین کے سامنے امام حسین کے آئندہ اقدامات اور حکمت عملی کا اجمالی خاکہ پیش کر رہا تھا اور امام علیہ السلام کی جانب سے عملی امربالمعروف اور نہی عن المنکر کی خبر دے رہا تھا اور سامعین کو آئندہ کے حالات کے لئے تیار رہنے اور اس قیام سے تعاون کرنے کی دعوت دے رہا تھا لیکن خطبے کے آخری جملات میں یہ حقیقت انتہائی کھلے الفاظ کے ساتھ بیان کر دی گئی اور ایک بھرپور اور تاریخی تحریک کی وضاحت کرتے ہوئے امام نے فرمایا :

اللهم انک تعلم انه لم یکن ماکان منا منافسة فی سلطان فانکم ان لم تنصروناو تنصفونا قوی الظلمة علیکم و عملوا فی اطفاء نور نبیکم

((بارالہا ! تو جانتا ہے کہ جو کچھ ہماری جانب سے ہوا (بنی امیہ اور معاویہ کی حکومت کی مخالفت میں) وہ نہ تو حصول اقتدار کے سلسلے میں رسہ کشی ہے اور نہ ہی یہ مال دنیا کی افزوں طلبی کے لئے ہے بلکہ یہ صرف اس لئے ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ تیرے دین کی نشانیوں کو آشکارا کر دیں اور تیری مملکت میں اصلاح کریں، تیرے مظلوم بندوں کو امان میسر ہو اور جو فرائض ، قوانین اور احکام تو نے معین کئے ہیں ان پر عمل ہو۔ اب اگر آپ حضرات (حاضرین سے خطاب) نے ہماری مدد نہ کی اور ہمارے ساتھ انصاف نہ کیا تو ظالم آپ پر اور زیادہ چھا جائیں گے اور ((نور نبوت)) کو بجھانے میں اور زیادہ فعال ہو جائیں گے ۔ ہمارے لئے تو بس خدا ہی کافی ہے، اسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے اسی کی طرف ہماری توجہ ہے اور اسی کی جانب پلٹنا ہے۔))

اس خطبے میں امام حسین نے اپنے جس مقصد کو بیان کیا یہ وہی مقصد ہے جس کی جانب آپ نے اس خطاب کے تین سال بعد(۲۸ رجب ۶۰ھ میں) مدینہ سے روانگی کے وقت اپنے تاریخی وصیت نامے میں اشارہ فرمایا تھا۔

وانی لم اخرج اشراً ولا بطراً ولا مفسداً ولا ظالماً وانما

خرجت لطلب الاصلاح فی امۃ جدی، اریدان آمر بالمعروف و انھی عن المنکر۔۔۔

((میرا مدینہ سے نکلنا خود غرضی کے تحت ہے نہ تفریح کی غرض سے اور نہ ہی میں ظلم و فساد برپا کرنا چاہتا ہوں۔ میں تو بس یہ چاہتا ہوں کہ نیکیوں اور بھلائیوں کا حکم دوں اوربرائیوں سے روکوں اور امت کے امور کی اصلاح کروں۔))

اور حقیقت یہ ہے کہ ائمہء اطہار کے پیروکار علما اور فضلا نے ہمیشہ انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اسلام کے احیاء کے لئے نہ صرف شہید اول ، دوم اور سوم قربان کئے بلکہ شہداء الفضیلہ[47] کی ایک عظیم الشان صف تشکیل دی۔ تاریخ کے اوراق ایسے ہزاروں شہدا کے ناموں سے سجے ہوئے ہیں۔ان کے علاوہ ایسے گم نام شہدا بھی ہیں ،جن کے نام کتاب علیین میں دیکھے جاسکتے ہیں اور جو ایسے ہی بیش قیمت الفاظ میں خراج عقیدت کے مستحق ہیں کہ:

((سلام ہو ان زندۂ جاوید جانباز علمائے دین پر جنہوں نے اپنا رسالہء عملیہ و علمیہ دم شہادت اپنے خون کی روشنائی سے تحریر کیا، اور وعظ ونصیحت و خطاب کے منبر پر اپنی شمع حیات سے چراغ روشن کیا۔ حوزۂ علمیہ اور صف علما کے ان شہدا پر آفرین و مرحبا جنہوں نے جنگ و جہاد کا موقع آ پڑنے پر مدرسے اور درس وبحث سے اپنارشتہ منقطع کیا اور حقیقت علم کے پیروں میں پڑی خواہشات دنیاوی کی زنجیروں کو کاٹ ڈالا اور سرعت سے پرواز کر کے فرشتوں کے مہمان ہوئے اور ملکوتیوں کے اجتماع میں اپنی حاضری کے نغمے بکھیرے۔ درود و سلام ان شہداء پر جو تفقہ کی حقیقت پالینے کی حد تک آگے بڑھے اور اپنی قوم و ملت کے لئے ایسے مجر

صادق بنے جن کے ہر ہر لفظ کی صداقت کی گواہی ان کے خون کے قطروں اور جسم کے پارہ پارہ ٹکڑوں نے دی ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اسلام اور تشیع کے سچے علماسے اس کے علاوہ توقع بھی نہیں کی جاسکتی کہ دعوت حق اور اپنی قوم کی خاطر جہاد کی راہ میں سب سے پہلی قربانی وہ خود پیش کریں گے اور ان کی کتاب زندگی کااختتام شہادت پر ہو گا۔))[48]

مترجم : جیسا کہ قارئین محترم نے ملاحظہ فرمایا، اس تاریخی خطبے میں امام حسین علیہ السلام کے مخاطب خاص کر وہ افراد ہیں جو دینی رہنماؤں کے طور پر پہچانے جاتے ہیں اور امام علیہ السلام نے انہی افراد کو معاشرے کے انحراف اور غفلت کا ذمے دار قرار دیا ہے۔ لیکن

ساتھ ہی یہ بیان فرمایا ہے کہ امربالمعروف اور نہی عن المنکر وہ بنیادی ترین فریضہ ہے جس کے ذریعے معاشرے کی بقا ہے اور اگر اس پر عمل نہ ہو تو معاشرے کی بنیادیں متزلزل ہو جاتی ہیں ، عدل و انصاف کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور ظالم و ستمگر زمام امور اپنے ہاتھوں میں لے کر معاشرے کو تباہی اور بربادی سے دوچار کردیتے ہیں اوراسے اپنے ظلم و جبر کا نشانہ بناتے ہیں۔ ایسے موقع پر معاشرے کے ہر فرد کی ذمے داری ہے کہ وہ اپنے وظیفے اور فریضے کا شعور حاصل کرے اور حتی المقدور اس فریضے کو انجام دے جس کا ترک کرنا ان آفات و بلیات کا باعث بنا۔

آج صدیوں کے بعد دنیا ایک بار پھر اسلام کی نشات ثانیہ کا دور دیکھ رہی ہے اور امام خمینی□ کی قیادت میں آنے والے اسلامی انقلاب کے بعد مسلمانوں میں شعور اور بیداری کی ایک ایسی لہر اٹھی ہے جس کی قدرت نے ایران کی ڈھائی ہزار سالہ بادشاہت کو پاش پاش کر دیا اور اس کے سچے ماننے والوں نے نہتے ہاتھوں اور وسائل کی کمیابی کے باوجود اسرائیل جیسے غاصب اور دشمن دین مبین کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔

آج ہر صاحب شعور اس اعتراف پر مجبور ہے کہ آئندہ صدی اسلام کی صدی ہو گی اور دنیا کے موجودہ سیاسی اور تمدنی نظاموں کی تباہی اور ان کا کھوکھلا پن ثابت ہونا اور اس کے نتیجے میں بڑھتی ہوئی مایوسی نیز تبلیغی ذرائع کی فراوانی اوروسعت اور سب سے بڑھ کر مسلمانوں کے اندر اٹھتی ہوئی بیداری کی لہرکو دیکھتے ہوئے بآسانی کہا جا سکتا ہے کہ اکیسویں صدی اسلام کی صدی ہو گی ۔ لیکن ان تمام مثبت عوامل کے باوجود حتمی کامیابی کے لئے مسلمانوں کا اپناعزم ، ارادہ اور شعور و آگہی بنیادی عوامل ہیں۔ لہٰذا اگر مسلمان اس موقع پر بیداری اور ہوشیاری سے کام لیں تو یقینا یہ پیش گوئی صحیح ثابت ہو سکتی ہے۔

اس کامیابی میں دو عوامل اہم ترین کردار ادا کریں گے۔ پہلا یہ کہ مسلمان دوسروں کے سامنے کسی بھی وعظ و نصیحت اور تبلیغ سے پہلے اپنی عملی زندگی میں اسلام کا نمونہ ء عمل پیش کریں کیونکہ اس بے زبان تبلیغ میں جو تاثیر ہے، وہ کسی بھی وعظ و نصیحت اور دعوت و ارشاد سے بڑھ کر ہے۔ اور دوسرا یہ کہ دعوت وتبلیغ منظم اور معیاری انداز میں کی جائے ۔ اسلام کی نظریاتی تعلیمات کے ساتھ ساتھ اس کی عملی تعلیمات اور دنیا کی موجودہ مشکلات کے حل کے سلسلے میں اسکی قابلیت کو واضح طور پر بیان کیا جائے۔

امام علیہ السلام کے زیر گفتگو خطبے کی آفاقیت یہ ہے کہ امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا احیاء درحقیقت وہ تمام عوامل فراہم کرتا ہے جن کے ذریعے نہ صرف مسلمانوں کا اندرونی معاشرہ تعمیر نو کے مراحل طے کرتا ہے اور ہر قسم کے حوادث اور انحرافات کے مقابلے میں محفوظ ہو جاتا ہے بلکہ وہ اسلام کی موثر اور جامع تبلیغ کے تما م تر وسائل فراہم کرتا ہے۔ یوں یہ وہ شرعی وظیفہ ہے جس سے انسانیت حیات نو پاتی ہے اور اس کا ترک کرنا انسانیت کی پستی اور زوال و انحطاط کا اہم ترین سبب ہے ۔ اب اگر ایک عاقل مسلمان ہر قسم کے ظلم و استبداد،بے راہ روی اور انحطاط سے نجات کا خواہشمند ہے تو کلمات امام کی صورت میں اس کے لئے رہنمائی فراہم کر دی گئی ہے اور راہ حق پر مشعلیں نصب کر دی گئی ہیں اور یہی ائمہء حق کا وظیفہ تھا جس کے جواب میں لبیک کہنے والوں نے دنیا و آخرت کی سعادت حاصل کی اور

اس سے منہ موڑنے والے ابدی ذلت و خواری کا شکار ہوئے۔

---

۱ ۔سلیم بن قیس ہلالی (وفات ۹۰ہجری) نے اپنی بحث کی مناسبت سے خطبے کے پہلے حصے کا ذکر کیا ہے ،جو اہل بیت کے فضائل سے متعلق ہے اور خطبہ ارشاد کیے جانے کے مقام اورتاریخ کو بھی واضح کیا ہے۔

۲ ۔ چوتھی صدی ہجری کے عظیم محدث ((حسن بن شعبہ حرانی))نے اپنی گرانقدر کتاب ((تحف العقول)) میں خطبے کے صرف دوسرے اور تیسرے حصے کے متن کو نقل کیا ہے۔

3۔احتجاج ۔ج ۲۔ ص ۱۷

4۔ بحارالانوار ۔ نیا ایڈیشن ۔ج ۱۰۰ ۔ص ۷۹، وافی ۔ باب الحث، علی الامر بالمعروف والنھی عن المنکر ۔ حاشیۂ مکاسب بحث ولایت فقیہ۔

5۔ الغدیر ۔ ج ۱۔ ص ۹۹ ۱۔

6۔ ولایت فقیہ ۔ ص ۱۲۵ ۔

7۔ شام پر ۴۰ سال تک معاویہ کی حکومت قائم رہی اور متن میں مذکور ۲۵ سال کا تعلق حضرت عثمان کی حکومت کے قیام کے بعد کے زمانے سے ہے، جس میں معاویہ کی حکومت نے بتدریج پوری اسلامی مملکت تک وسعت اختیار کر لی تھی۔

8 ۔کتاب سلیم بن قیس (مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ) ص ۲۰۶ ۔ یہی باتیں ابن ابی الحدید نے نہج البلاغہ کی شرح ۔ ج ۱۱ ۔ ص ۴۶ ۔ ۴۴ میں ابوالحسن مدائنی (وفات ۲۲۵ھ)کی کتاب ((الاحداث))سے نقل کی ہیں ۔

9۔۵۰ھ میں امام حسن کی شہادت واقع ہوئی ۔

10۔ کتاب سلیم کے بعض نسخوں میں سنۃ (ایک سال)اور بعض میں سنتین(دو سال) لکھا ہے لیکن طبرسی کی احتجاج میں سنتین (دو سال) تحریر ہے ۔

11۔ طبرسی نے شرکاء کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ بیان کی ہے (اکثر من الف رجل)

12۔ سنن ترمذی ۔ ج ۵، المناقب۔ حدیث نمبر ۳۸۰۴ ، اسدالغابہ ۔ج ۳ ۔ص ۱۶

13۔ سنن ترمذی ۔ ج ۵، المناقب حدیث نمبر۳۸۱۵، مسند احمد بن حنبل ۔ ج ۱ ۔ ص ۳۳۱ ، ج ۲ ۔ ص ۲۶

14 ۔سنن ترمذی ۔ ج ۵ ، المناقب ۔ حدیث نمبر۳۸۱۱، مسند احمد بن حنبل ۔ ج ۱ ۔ ص ۳۳۱

15 مستدرک صحیحین ۔ ج ۳ ۔ ص ۱۰۹، ۱۳۴

16۔ صحیح مسلم ۔ ج ۴ ۔ حدیث نمبر۲۴۰۴، سنن ترمذی ۔ ج ۵، المناقب ۔ حدیث نمبر۳۸۰۸ اور ۳۸۱۳، سنن ابن ماجہ ۔ مقدمہ۔ حدیث نمبر ۱۱۵، مستدرک صحیحین ۔ ج ۳ ۔ ص ۱۰۹ اور ۱۳۳

17۔ سنن ترمذی ۔ ج ۵، المناقب ۔ حدیث نمبر ۳۷۹۶، مسند احمد بن حنبل ۔ ج ۱ ۔ ص ۳۳۱

18۔ سنن ترمذی۔ ج ۵ ، المناقب۔ حدیث نمبر ۳۸۰۸، مستدرک صحیحین۔ ج ۳ ۔ ص ۱۵۰

19۔ سنن ترمذی ۔ حدیث نمبر۲۸۰۸، ۳۸۰۸، ۲۴۰۵، ۲۴۰۶، صحیح مسلم ۔ ج ۴۔ حدیث ۲۴۰۴، سنن ابن ماجہ۔ مقدمہ ۔ حدیث نمبر ۱۱۷

20۔ سنن ترمذی ۔ ج ۵ ، المناقب ۔ حدیث نمبر ۳۸۰۳

21۔ سنن ترمذی ۔ ج ۵ ، المناقب ۔ حدیث نمبر۳۷۹۶

22 سنن ترمذی ۔ ج ۵ ، المناقب۔ حدیث نمبر۳۸۰۶

23۔ نظم درر السمطین۔ ص ۱۲۸نقل از احقاق الحق ۔ ج ۴ ۔ ص ۳۵۹ ، شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید ۔ ج ۹ ۔ ص ۱۷۴

24۔ مستدرک صحیحین ۔ ج ۳۔ ص ۱۲۴

25۔مستدرک ۔ ج ۳ ۔ ص ۱۵۱

26۔ سنن ابن ماجہ ۔ مقدمہ ۔ حدیث نمبر۱۱۸، مستدرک صحیحین ۔ ج ۳ ۔ ص ۱۶۷

27۔ صحیح مسلم ۔ ج ۴ ۔ حدیث نمبر۲۴۰۸، مستدرک صحیحین ۔ ج ۳ ۔ ص ۱۴۸، مسند احمد ابن حنبل ۔ ج ۳ ۔ص ۱۴ اور ج ۴۔ ص ۳۶۷

28۔ صحیح مسلم ، حدیث نمبر۱۳۱، سنن ابن ماجہ۔ مقدمہ۔ حدیث نمبر۱۱۴

29۔ سورہ مائدہ ۵ ۔ آیت ۶۳

30۔ سورہ مائدہ ۵ ۔ آیت ۷۸، ۷۹

31۔ سورہ مائدہ ۵ ۔ آیت ۴۴

32۔ سورہ توبہ ۹۔ آیت ۷۱

33 ۔ دیکھئے نہج البلاغہ خطبہ نمبر۱۰۴ اور ۱۲۹۔

34۔ اس سے مراد وہ عہد و پیمان ہیں جو بیعت کے وقت رسول گرامیؐ نے لئے تھے۔ اسی طرح ولایت اور جانشینی کے لئے غدیر خم کے موقع پر رسول اللہ سے جو عہد و پیمان کئے گئے تھے، وہ بھی مراد ہیں۔

35۔ جیسا کہ علما اور فقہا نے اس خطبے کے صرف ایک جملے ذلک بان مجاری الامور والا حکام علی ایدی العلماء پر فقہ کی استدلالی کتب میں تفصیلی بحث کی ہے۔

36۔ اے والد گرامی وہ کیجئے جس کا حکم دیا گیا ہے۔ (سورہ صافات ۳۷ ۔آیت۱۰۲)

37۔ اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبرکرنے والوں میں سے پائیں گے۔ (سورہ صافات ۳۷ ۔ آیت ۱۰۲)

38۔ علی کے سوا سب کے دروازے بند کر دو۔

39۔ (اے علی) آپ میرے بعد تمام مومنوں کے سرپرست ہوں گے۔

40۔ نہج البلاغہ ۔خطبہ نمبر ۳

41۔ نہج البلاغہ ۔ خطبہ نمبر ۵۸

42۔ عربی لغت نامے اقرب الموارد میں ہے کہ ((فاز بخیر ای ظفربه ویقال لمن اخذحقه من غریمة:فاز)) اس طرح کلمہء فوز کے اصلی معنی کامیابی ہیں نہ کہ ہدایت اور اصلاح جیسا کہ بعض لوگوں نے اس کا یہ ترجمہ کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج بھی کسی مقابلے میں جیتنے والے کو فائز کہا جاتا ہے ۔

43۔ احتجاج طبرسی ۔ ج ۲۔ ص ۸

44۔ احتجاج طبرسی ۔ ج ۲۔ص ۱۲

45۔ نہج البلاغہ ۔ مکتوب نمبر ۴۷

46۔ امام خمینی کے الٰہی و سیاسی وصیت نامے سے اقتباس

47۔ شھداء الفضیلہ کتاب ((الغدیر)) کے مصنف علامہ امینی کی ایک مشہور کتاب ہے، جس میں چوتھی صدی ہجری کے بعد کے ایسے ۱۲۰ معروف علمائے کرام کے حالات درج ہیں جنھوں نے اسلام کی راہ میں جام شہادت نوش کیا۔

48۔ دینی مدارس کے نام امام خمینی کے تاریخی پیغام مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۸۹ء سے اقتباس۔

فہرست

عرض ناشر...4
سر زمین منیٰ میں امام حسین علیہ السلام کا خطاب...6
کتب حدیث میں اس خطبے کا مضمون اور اس کے نقل کی کیفیت...8
اس خطاب کا محرک(Motive)...11
پہلا حکم نامہ...11
دوسرا حکم نامہ..12
تیسرا اور چوتھا حکم نامہ..13
کن حالات میں یہ خطبہ دیا گیا..14
خطبے کے پہلے حصے کا متن...15
(امیر المومنین کے فضائل کا بیان)..15
اس حصے کے جملوں کا علیحدہ علیحدہ ترجمہ..17
خطبے کے دوسرے حصے کا متن...22
(امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی دعوت)..22
وضاحت...22
اہم الفاظ کی تشریح...23
احبار : صالح علماء..23
اکل سحت : حرام خوری..24
اس حصے کے جملوں کا علیحدہ علیحدہ ترجمہ..24
خطبے کے تیسرے حصے کا متن..26
(علما کی ذمے داریوں کا بیان)..26

اہم الفاظ کی تشریح..........27
اس حصے کے جملوں کا علیحدہ علیحدہ ترجمہ..........28
اس خطبے میں موجود اہم نکات اور نتائج..........31
زمانی اور مکانی حالات..........32
خطبے سے مربوط اہم نکات..........33
۱ - ولایت سے انحراف..........33
امیر المومنین کے زمانے کے واقعات انہی کے بیانات کی روشنی میں..........34
امام حسن کا طریقہ ء کار..........37
۲ -امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی اہمیت..........40
امربالمعروف اور نہی عن المنکر کا اہم ترین پہلو..........41
۳ -تاریخ کے پست سرشت افراد..........42
خطبے کا عملی جواب..........44
اما م حسین اور ان کے اصحاب کا عملی جواب..........45